پڑھ جانا اور دعاء مغفرت کی کرنی اور اپنی موت کو یاد کرنا باعث اجر و ثواب ہے کیونکہ اس فعل سے بے رغبتی دنیائے فانی سے حاصل ہوتی ہے۔ (اس بارے میں جناب مفتی صدر الدین خانصاحب مرحوم کی تحریر و عاجز کے مباحث کو دیکھنا چاہیئے) آپکی تحریر رد بدعت و اثبات سنت میں ہم قالب شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے پاتا ہوں آپکی تعریف کیا کروں بلکہ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ جلشانہ آپکی دن دونی ورات چوگنی ترقی علم وعمل وعمر کی نصیب کرے زیادہ والسلام خیر الختام سور ربیع الآخری ۱۲۹۷؁ ہجریہ از دہلی بندہ مغفرت کا امیدوار سید شریف حسین بعد سلام مسنون کے ملتمس ہے آپ نے جو تحریر سفر مذکورہ بالا کے ناجائز ہونے میں ارقام فرمایا ہے اسکی نقل ارسال فرمادیں کیونکہ دوسرے لوگ بھی اس تحریر کے دیکھنے کے مشتاق ہیں جناب حضرت والد ماجد صاحب کو آپکی تحریر کا طرز بہت پسند ہے اکثر فرماتے ہیں کہ نئے شاگردوں میں سے میرے یہی ایک شخص ہے جس نے کہ انشا پردازی کے قالب میں جدید روح پھونکی ہے اور کبھی فرماتے ہیں کہ میرے طرز تحریر کو عبد العزیز صمدنی نے اخذ کرلیا اور وہ سب کو مفلس کر گیا اور اکثر خوش ہوکر آپ کے خطوں کو مکرر ملاحظہ فرماتے رہتے ہیں۔

مکتوب پنجاہ وسوم [۵۳]

باظہار مسرت قلبی از ترقی منصب مع نصائح دلپسند و دلپذیر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ از محمد نذیر حسین بخدمت عزیزی واحبی سید عبد العزیز صمدنی مدعمرہ وفقکم اللہ بعد السلام علیکم واضح ہو کہ تم تحصیلدار ہوگئے بہت اچھا ہوا انشاء اللہ تعالیٰ اور بھی ترقی تنخواہ میں ہوگی مگر دیانت داری وخدا ترسی سے تم زیادہ کام لینا۔ کسی کو بے وجہ نہ ستانا اللہ جلشانہ نے جب ہزارہا انسانوں پر تم کو حکومت دی ہے تو ان کو مثل اپنے سمجھو تم میں کوئی فضیلت نہیں ہے صرف خدا کا فضل تم پر ہے جو لڑکا مرچکا ہے اُس کا رنج نہ کرنا چاہیئے ابھی تمہاری کیا عمر ہے شاید چند بال ڈاڑھی میں آئے ہونگے۔ مجھے تمہارا غصہ اور جلد بازی ہر دقت یاد آیا کرتی ہے پس اپنے ماتحت اشخاص پر حد درجہ پاس

[۵۱] نوٹ۔ ان کا مکان ٹیا محل روبروے نواب دوجانہ مفتی صدر الدین خاں صاحب مرحوم ومغفور کے نام نامی اسم گرامی سے مشہور ہے۔

لحاظ کا برتاؤ کرنا چاہیئے اور غصہ ہرگز نہ کرنا چاہیئے اگرچہ یہ تمام مقتضا لڑکپن کا ہے اور شروع عمر میں تم نے حکومت پائی ہے۔ مجھے خوف ہے کہ لغزش نہ آجائے کبھی پہرہ دروازہ پر نہ رکھنا اہل حاجت کی خوب سننا چاہیئے (دیکھو) مرزا نصیر الدین بھی تحصیلدار ہے مگر افسوس کہ اس خاندان فقر نشان کی پیروی بھول گیا اب ملیامیٹ ہونے کو باقی ہے میں نے بھی اس سے ملنا چھوڑ دیا۔ میں بھی ایام طالب علمی میں کوڑا ہوکر تمہارے اسی علاقہ سے گزرا تھا تم نے لکھا ہے کہ موضع خواجہ پھول کے قلعہ کی مسجد میں کوئی یادداشت ورود فقیر کی بقلم فقیر تحریر ہے بیشک ہوگی ذرا اسکو کسی وقت پڑھ کر نقل لے لینا جس کے ماہ و سنہ وغیرہ دریافت کر لینے سے تم کو آگاہی ہوگی میں ایک ٹٹو پر تھا ایک طالبعلم بھی میرے ساتھ تھے شوق کتاب بینی اسوقت زیادہ تھا اور تمہاری طرح غصہ وری جلد بازی بھی مجھے زیادہ تھی اب کیا ہے فقیر ٹھنڈا ہوگیا تم بھی عمر زیادہ پاؤ گے عیال کا بوجھ زیادہ ہوگا یہ سب این و آں طاق پر رکھے رہ جائیں گے میں نہایت خوش ہوا کہ مبلغ یکصد و پنجاہ روپیہ اعانت مدرسہ کے لئے بھیجے خدا برکت تمہاری کمائی میں دے سب لڑکوں نے خوش ہوکر شیرینی کھائی اور تمہارے لئے دعا کی کچھ حساب بھی مدرسہ کا طے کر دیا گیا اللہ تعالیٰ تم کو اور تمہارے بچہ عبد الحمید[1] کو زندہ و تابع شریعت رکھے ایک اور امر قابل یاد و لحاظ ہے بخوبی یاد و لحاظ رہے کہ کبھی تعصب سرکاری مشاغل میں نہ کرنا اور کبھی الفاظ دلشکن کسی سے نہ کہنا ورنہ کسی کام کے نہ رہو گے فقیر کو یہ امور ناپسند ہمیشہ سے ہیں۔ زیادہ والسلام خیر الختام۔

مکتوب پنجاہ چہارم ۵۴

بدریافت خیریت۔ بشارت اولاد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم از فقیر عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت نبراس الادبا عزیز العلماء سید عبد العزیز رضوی صمدنی وفقکم اللہ بالخیر بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح ہو کہ مدت سے خط نہیں آیا ایسے منہمک مشاغل میں ہوگئے کہ خیر طلبوں کو اپنی خیریت بھی لکھنا چھوڑ دیا اللہ تم کو توفیق بخشے۔ میں نے رات کو دیکھا کہ تم کئی لڑکوں کی انگلیاں پکڑے آرہے ہو اور چند بچے تمہارے پیچھے پیچھے ہیں یہ خواب منتج نتائج حسنہ ہے اور تعبیر اسکی کثرت اولاد کے ساتھ ہے اللہ جل شانہ تمہاری پیروی تمہاری اولاد کو بخشیگا اور میں بھی ضرور دیکھوں گا انشاء اللہ تعالیٰ اور اسی مسجد[1] کے سامنے تم کو آتے دیکھا ہے اور تم اسی جگہ آکے بیٹھے ہو جہاں تم نے ایک مرتبہ سنن ابو داؤد پر بحث شدید کی اور میرا کہنا نہ مانا دوسری مرتبہ التفہیم پر تم نے حملہ کیا تیسری مرتبہ اتقان پر کئی بحث

[1] مسجد محلہ حضرات قوم پنجابیان گلی ہینگا بیگ حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے نام گرامی کے ساتھ آجتک مشہور ہے اور درس تدریس کا سلسلہ بفضلہ تعالیٰ جاری ہے اور مسجد حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے متصل تربیت گاہ بنات مدرسہ نذیریہ ۱۹۳۹ء میں افتتاح کی گئی جس میں معززین شہر کی صاحبزادیاں بڑی تعداد میں مدرسہ منظور شدہ صوبہ تعلیمات دہلی سرکار عالی میں تعلیم دینی و دنیوی حاصل کر رہی ہیں اور ایک کتب خانہ نذیریہ عامہ حضرت میاں صاحب کے نام نامی کے ساتھ ۱۹۲۶ء میں افتتاح کی گئی ہے جس میں دس ہزار سے زیادہ کتب و اخبارات و مختلف رسائل سے بلا تفریق عقائد ہر قوم و ملت بکثرت روزانہ حضرات شائقین مستفیض ہو رہے ہیں۔

[1] سید عبد الحمید رضوی سب رجسٹرار لکھنؤ میں ہیں۔

تشدید کی اور دکھائے جس کو میں نے قبول نہ کیا مگر چوتھی مرتبہ تم کو راضی کرنا پڑا اسواسطے کہ تم برسرحق تھے اور تم نے تفسیر میں بات بھی سلف صالح کے مطابق پیدا کی تھی۔ یا اللہ اس تحریر کو درجہ قبول کا دیا جائے۔ آمین آمین۔ اپنی عفیفہ سلمہا اللہ تعالیٰ کو میری دعا کہنا اور نصائح میری جانب سے اتباع کتاب وسنت کی کرنا وہ ایک عالم درویش کی بیٹی ہے اس میں تم سے زیادہ رجوع و میل خاطر ہوگا لہذا اُس کو کسی وقت مکدر نہ کرنا۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب ۵۵ پنجاه وپنجم

اتّباع سنّت واشاعت کلمۃ الحق باید کرد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بندہ عاجز محمد نذیر حسین عفاعنہ بخدمت مہربان اشرف علیخاں صاحب بلہتوری بعد السلام علیکم یہ عاجز عرض کرتا ہے آپ کی ہمت لائق تعریف ہے کہ باوجود کم علمی کے سعی نسبت اعلاء کلمۃ الحق کی فرمارہے ہیں اور کچھ معقولات ہی کے پڑھنے سے دیندار نہیں ہوتا ہے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کون سے معقولی اور اہل کلام تھے محض کتاب وسنت کی اتباع سے ان کی نیت اور قلب روشن تھے آپ بے تامل جس مسئلے میں الجھا و پائیں مجھے ضرور آگاہ فرمائیں فوراً آپ کی تسکین کروں گا اگر خلاف مزاج نہ ہو تو آپ اپنے تحصیلدار صاحب سے تشفی کر لیا کریں میرا یہ خط اعزی مولوی عبد العزیز صمدنی کو دکھادیجیگا وہ سب کام اپنا چھوڑ کر آپ کی طرف توجہ خاص کریں گے میں نے اس سے پہلے انکو لکھ بھیجا ہے کہ آپ کے مدارات وتواضع میں وہ انشاء اللہ تعالیٰ دریغ نہ کریں گے بلکہ وجہ معیشت کی توسیع میں بھی وہ سعی کامل کیا کریں گے آپ بے تکلف روز مرہ جو آنکے ملنے کا وقت ہو تشریف لیجا کریں اُن کو حاکم نہ سمجھئے اور ان کو اپنا بھائی تصور کیجئے میرے جاننے والوں میں اللہ تعالیٰ نے جو راسخ العقیدہ ان کو بنایا ہے وہ اخلاص ہرگز کسی میں میں نے ابتک نہیں پایا ہے آپ کے بھانجے کو وہ ضرور نوکر کرادیں گے یہی خط دکھادینا کافی ہوگا محض سفارش نامہ کے لئے یہاں آنا ضرور نہیں ہے اے بھائی صرف محمد نذیر حسین کی طرف سے پیغام عبد العزیز کے لئے کافی ہوتا ہے۔ والسلام۔

مکتوب ۵۶ پنجاه وششم

بسفارش سید عبد العزیز صمدنی۔ رسید کتب موصولہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف نواب صاحب مجمع الحسنات والکمالات مرجع افتادگان ومجمع دلدادگان مولوی سید محمد صدیق حسن

چھپنواں ۵۶ خط

کتابیں پہونچیں۔ سید عبد العزیز کی سفارش کی گئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف نواب صاحب مجمع الحسنات والکمالات مرجع افتادگان ودلدادگان مولوی سید محمد صدیق حسن

خان صاحب سلمہ اللہ ذوالمنن عن الحوادث الحزن والمحن بعد
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح رائے گرامی باد چند کتب دو
ورقہ وچہار ورقہ از دور سید ابشائقین دادہ شد خدا اجر جزیل
بآں صاحب دہاد کہ ازیں سبیل اشاعت دین حقہ می باشد شنیدہ
شد کہ آنصاحب را تجسس وتفتیش عین الانسان است جزاکم اللہ
اینہمہ بہبود سرکار وعامہ برایا است چہ کہ مردم دیانت دار عنقا
کردار وقدردان وے نایاب بالضرور اکثر اصحاب باسترزاق
رسیدہ خواہند شد الا صفت بہیہ معدوم ۔ یاد دارید کہ در
ضلع فرخ آباد وقنوج آبادی قدیم است غالباً از آنجا قصبہ
چھبرامئو بمسافت شانزدہ وہفدہ کروہ باشد وقصبہ مذکور
لب شاہراہ دہلی واقع شد رئیس قصبہ قاضی محمد بدر الدین صاحب
مغفور بسیار مہمان نواز وکریم النفس انسان بودند وبرادران
قاضی مرحوم ہم غنیمت بودند جناب مولوی اولاد حسن صاحب
در انجا فروکش می شدند بمہانداری وخدمتگذاری جناب ممدوح
سرگرمی می نمودند وہم آنصاحب در آنجا چندے بسر بردہ اند
فقیر باوان شباب در آنجا رسید قاضی صاحب وبرادران
عالیشان موصوف احسانہا نمودہ اند قاضی صاحب را نواسہ ایست
ماشاء اللہ در فطنت وفراست رشک معاصرین ودر علم وفضل
غیرت حاسدین نامش مولوی سید عبد العزیز صمدنی است
وصمدن مابین راہ قنوج وچھبرامئو واقع شدہ ان موضع
ہم دیدہ ام پدر موصوف الیہ ڈپٹی منظور احمد سلمہ رئیس محسود
اقران ہستند مولوی سید عبد العزیز بایام کم عمری محض
بفضلہ ایمانداری ودیانت تحصیلداری یافتہ اند ماہوار ماہانہ
از تحصیل وغیرہ از رجسٹری وثائق حاصل می شود نظم دلپذیر
ونثر دلربا بالسنہ مختلفہ شائع کردہ اند اگر طرز آں بہ بیند

خان صاحب اللہ تعالیٰ مصائب وغم کے حوادث سے سلامت
رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح رائے عالی ہو اردو
کتابیں دو ورقہ وچار ورقہ آپکی شائقین کو دی گئیں اللہ تعالےٰ
اجر کامل آپکو مرحمت فرمائے کہ اس ذریعہ سے اشاعت دین
حق کی ہوتی ہے ۔ معلوم ہوا ہے کہ آپ کو تلاش قابل ولائق آدمی کی
ہے جزاکم اللہ یہ سب بہترین خیالات بہبودی ریاست وعام
رعایا کے واسطے ہے آدمی دیانتدار معدوم اور انکی قدردان مفقود ہیں
اگرچہ اکثر لوگ تلاش نوکری کی غرض سے آپکی خدمت میں پہونچتے ہونگے
لیکن اوصاف حمیدہ سے خالی ومبرا ۔ آپکو معلوم ہوگا کہ ضلع فرخ آباد
وقنوج کی آبادی قدیم ہے اور وہاں سے چھبرامئو سولہ سترہ کوس کے
فاصلہ پر واقع ہے اور قصبہ مذکور شاہ راہ دہلی پر واقع ہوا ہے قاضی
محمد بدر الدین صاحب اس قصبہ کے رئیس بہت مہمان نواز فراخ دل
آدمی تھے قاضی صاحب مرحوم کے بھائی اور سب مغتنمات لوگوں سے تھے
جناب مولوی اولاد حسن وہاں قیام کیا کرتے قاضی صاحب جناب ممدوح
کی مہمانداری وخاطرداری میں سرگرم رہتے تھے اور آپنے بھی کچھ دن
وہاں قیام فرمایا ہے ۔ زمانہ شباب میں فقیر وہاں مقیم ہوا تھا
قاضی صاحب اوران کے بھائیوں نے عاجز کو ممنون احسان کیا تھا
قاضی صاحب کا ایک نواسہ ہے ماشاء اللہ فہم وعقل میں رشک
ہمعصر اور علم وفضل میں غیرت حاسدین ہے ان کا نام مولوی سید
عبد العزیز صمدنی ہے اور صمدن درمیان قنوج وچھبرامئو کے واقع ہے
اس موضع کو بھی میں نے دیکھا ہے باپ موصوف الیہ کے ڈپٹی منظور احمد
رئیس محسود اقران کے ہیں مولوی سید عبد العزیز کم سنی میں شرف خاندانی
کی وجہ سے عہدہ تحصیلداری پایا تحصیلداری میں مبلغ ڈیڑھ سو ماہانہ
ملتے ہیں اور مبلغ پچیس روپے رجسٹری وثائق کے ملتے ہیں اور شعر وسخن
میں کافی مہارت ہے مختلف زبان میں نظم ونثر مرغوب طبع شائع

صدائے تحسین بلند نمایند در قصائد و مصابیع تا حال مہارت تامہ پیدا نمودہ و طرز تحریر ہم ندرتے عجیب پیدا کردہ است کہ بزمرۂ شاگردان و طالبان من کسے این نعمت نیافتہ بے تصنع می گویم کہ تحریرش از ادبائے سلف کم نیست عامیان قدرش چہ دانند مگس تشبیہان سر خود بخارند اگر مستحسن و مناسب باشد از معزی الیہ مراسلت فرمودہ بمناہرہ بیش قرار طلبند و بمجلس شورہ یا بند و بست ریاست منصب معقول عطا فرمایند بندہ فقیر ہم خواہد نوشت و خواہم آگاہید کہ بجناب سامی سلسلہ تحریر جاری کردہ اید کہ منتج حسنات است چہ کہ مولوی عبدالعزیز ممکام رس و متدین و متشرع و ہر دل عزیز عامہ برایا در علاقہ خویش ہستند از موصی الیہ چند در چند مصالح ملکی و یا اصلاح خواہد آمد مرا کہ ازین شمع خراشی تصدیع دادہ ام معذور دارند چرا کہ خیر خواہانہ بلا تحریک احدی نوشتہ ام والسلام خیر الختام۔

مکتوب پنجاہ و ہفتم

استشارہ برائے ملازمت ریاست بھوپال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت جامع الحسنات والکمالات اعزی اخی عزیز العلماء مولوی سید عبد العزیز الصمدنی سلمہ ربہ بالخیر بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ واضح باد کہ نقل خط موسومہ نواب صاحب ملاحظہ نمودہ زیرکانہ غور فرمایند اگرچہ شمارا حاجت نیست فاما مصلحت چنین است کہ در ریاست ہندوستانی مردم دیانت دار و متشرع را بجوے نمی خرند و نمی پسندند و نمام و غماز حملہ ہا می آرند ازین حرکات لاہیہ آنہا اصحاب فطنت دامن برچیدہ می گریزند از پدر عالیقدر سلمہ ربہ ہم استشارہ باید جست چرا کہ من بوریا نشین را از مصالح ملکی چنداں

کی ہیں اگر آپ ان کے طرز تحریر کو دیکھیں تو ضرور تحسین کریں قصائد و مصابیع میں حتیٰ کہ اردو میں مہارت کامل پیدا کی ہے اور طرز تحریر میں عجیب ندرت پیدا کی ہے میرے شاگردوں میں کوئی اس نعمت سے متمتع نہ ہوا بلا تصنع کہتا ہوں آپکی تحریر ادبا سلف سے کم نہیں ہے عام لوگ انکی قدر کیا سمجھیں جو مکھی کی طرح بھنبھنا کر سر کھجانیوالے ہیں اگر بہتر و مناسب معلوم کریں ممدوح الیہ سے خط و کتابت کرکے زاید مشاہرہ پر طلب کریں اور بند و بست کے محکمہ یا شورہ کے مجلس میں عہدہ معقول عطا فرمادیں بندہ فقیر بھی لکھیگا اور مطلع کریگا کہ آپ سے سلسلہ خط و کتابت جاری کریں کہ باعث فلاح ہے مولوی عبدالعزیز حکام رس و متدین و متشرع آدمی ہیں اپنے علاقہ میں ہر دل عزیز ہیں موصی الیہ سے قسم قسم کی فلاح و صلاح ملکی پیدا ہوگی مجکو اس سمع خراشی و تکلیف دہی سے معذور رکھیں کیونکہ خیر خواہانہ بلا تحریک کسی کے رقم کیا ہے۔ والسلام خیر الختام۔

ستاونواں خط

ریاست کی نوکری سے مشورہ کرنا چاہیئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت جامع الحسنات والکمالات اعزی اخی عزیز العلماء مولوی سید عبد العزیز صمدنی اللہ تعالیٰ خیریت کے ساتھ رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ نقل خط نواب صاحب ملاحظہ کرکے دانشمندانہ غور کریں اگرچہ آپ کو حاجت ملازمت کی نہیں ہے لیکن مقتضائے مصلحت یوں ہی ہے ہندوستانی ریاست میں آدمی دیانت دار و متشرع کی قدر و پرستش نہیں ہے چغلخور و عیب لگانیوالے حملہ کرتے ہیں انکی اس حرکات ناشائستہ سے صاحب دانش اپنے کو علٰحدہ رکھتے ہیں والد بزرگوار سے اپنے مشورہ کریں

تعلقے نسبت پسران خود را دعا خوانند و بعفیفہ سنجیہ خویش از جانب من دعا رسانیدہ تفکریہ رسید مبالغ بگویند ؎

اے خدا این عفیفہ دوراں ؛ درامان باد از بلائے زمان

آمین ثم آمین ۔ والسلام خیر الختام

مکتوب پنجاہ و ششم

بسفارش سید عبدالعزیز برائے ملازمت بمشاہرہ زائد از سہ صد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت شریف مرجع افتادگان و مجمع دلداوگان جامع الحسنات والکمالات نواب صاحب والاجاہ بہادر مولوی سید محمد صدیق حسن خان صاحب سلمہ اللہ ذوالمنن بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح رائے عالی باد عنایت نامہ صادر شد از یاد آوری عالی احسان من شدم آنکہ درباب مولوی سید عبدالعزیز رقمی ہست در سہ صد روپیہ ماہانہ موصوف الیہ را خسارہ و زیان است چہ کہ دریں وقت ما ٢٠٠ ماہوار تنخواہ تحصیل و ٢٥ از رجسٹری و تائق و دستاویزہائے حاصل میشود اگر بسرکار عالی خواہند رفت شصت فیصدی یعنی شصت روپیہ ماہوار حق استحفاظ ملازمت کہ عبارت از پنشن انگریزی ہست دادہ خواہد شد پس برائے ترقی پانزدہ روپیہ رفتن نخواہند پسندید علاوہ ازیں از کانپور صمدن بسیار قریب است مردم دیانت دار عزت پسند می باشد و در سرکار ہندوستانی غمازی و نمامی بسیار فروغ پذیر است قرب وطن خویش باعزاز و حکومت بسر کردن متدین ہمیشہ پسند می کند ظن غالب است کہ معزی الیہ را این مشاہرہ منظور نخواہد بود اگرچہ امروز نوشتہ ام وقتیکہ پاسخ خواہد رسید خواہم نگاشت دیگر آنکہ بلا استرضاء

کیونکہ مجھ بوریا نشین کو مصالح ملکی سے چنداں تعلق نہیں ہے اپنے لڑکوں کو دعا کہیں اور عفیفہ سنجیہ کو اپنی میری طرف سے دعا کہہ کر مبالغ کی رسید کا شکریہ کہیں ؎ اے خدا این عفیفہ دوراں ؛ درامان باد از بلائے زمان ؛ آمین ثم آمین ؛ والسلام خیر الختام ۔

اٹھاونواں خط

تین سو مشاہرہ ہونا چاہئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت شریف ضعیف و مخلصوں کے پشت پناہ نیکی و کمالات کے جامع نواب صاحب بلند مرتبہ مولوی سید محمد صدیق حسن خان صاحب اللہ سلامت رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح رائے عالی ہو آپ کا خط موصول ہوا آپ کی یادآوری کا نہایت ممنون و مشکور ہوا مولوی سید عبدالعزیز صاحب کے بارے میں رقم تجویز کردہ یعنی تین سو کا مہینہ اسمیں موصوف الیہ کا خسارہ و نقصان ہے کیونکہ فی الحال دو سو کا ماہوار مد تحصیلداری سے اور پچیس روپیہ مد رجسٹراری سے ملتے ہیں اگر آپکے دربار میں جائیں گے تو مبلغ ساٹھ روپے ملازمت انگریزی کے قائم و باقی رکھنے کیواسطے دینے پڑیں گے اور صرف مبلغ پندرہ روپے ترقی کی غرض سے وہ جانا پسند نہیں کریں گے اس کے علاوہ موضع صمدن کانپور سے قریب ہے دیانت دار آدمی عزت پسند ہوا کرتے ہیں اور ہندوستانی درباروں میں نکتہ چینی و چغلخوری کا بہت عروج ہوا کرتا ہے اور دیندار شخص اپنے وطن میں عزت و حکومت کیساتھ گذران کو پسند کرتا ہے ۔ گمان غالب ہے کہ ممدوح الیہ کو یہ مشاہرہ منظور نہیں ہوگا آج میں نے خط لکھا ہے جسوقت جواب آئیگا ۔ آپ کو اطلاع دوں گا دوسری بات یہ ہے کہ ملازم انگریزی [illegible]

گورنمنٹ (سرکار انگریزی) ملازم سرکار نمی تواں رفت و استعفا دادن لازمہ خروج نیست ماں از سرکار انگریزی بذریعہ ایجنٹ صاحب ملازمت مولوی صاحب مستعار خواہند فرمود تا از رفتن پس و پیش درمیان نخواہد آمد الا ہنوز تصفیہ مشاہرہ باقیست والسلام خیر الختام

مکتوب پنجاہ و نہم ۵۹

ممانعت رفتن بھوپال برائے ملازمت ریاست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بخدمت جامع الحسنات والکمالات والفضائل مولوی سید عبد العزیز صمدنی صاحب سلمہ ربہ بالخیر والعافیت فی الدارین از عاجز محمد نذیر حسین بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح و ہویدا باد کہ رقیمہ عنایت جناب نواب صاحب بھوپال رسید یا سخن نگاشتہ شد نقلش ملاحظہ باید فرمود دریں بارہ مآل اندیشی را کار فرمایند چہ کہ شنیدہ میشود کہ در آنجا خلفشار درمیان دختر و مادر واقع است لہذا متوسلین نواب صاحب را بالضرور مفلسی رو خواہد داد ماں اگر از ہر دو گروہ ساز باز کند مضائقہ نیست اگر انجنیں از ہیچو شما دیانت دار غیر ممکن۔ بندہ فقیر ہم نمی پسندد لہذا توقیف باید فرمود بلکہ از تحریر شما متفق ہستم کہ نوکر سلطان را خدمت رعایا ہرگز مطبوع خاطر نمیشود۔ والسلام خیر الختام

مکتوب شستم ۶۰

دریں جا مولوی ادریس نیامدہ اند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بگرامی خدمت وسطالعہ سامی مولوی محمد شمس الحق

رضامندی گورنمنٹ کے دوسری جگہ نہیں جا سکتا ہے اور استعفا دینا خلاف دانشمندی ہے ہاں سرکار انگریزی سے بذریعہ رزیڈنٹ صاحب بہادر ملازمت کیلئے مولوی صاحب کو مستعار لیویں تو وہ جانے میں پس و پیش نہیں کرینگے مگر صفائی مشاہرہ کی ہنوز باقی ہے۔ والسلام خیر الختام۔

انسٹھواں خط ۵۹

نوکری کو اسوقت بھوپال جانا مصلحت نہیں ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بخدمت نیکی و کمالات و فضیلت کے جامع مولوی سید عبد العزیز صمدنی صاحب اللہ تعالیٰ خیر و عافیت کیساتھ دونوں جہاں میں سلامت رکھے عاجز محمد نذیر حسین بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے ظاہر ہو نواب صاحب بھوپال کا خط آیا اسکا جواب لکھا گیا نقل روانہ کرتا ہوں ملاحظہ کرو اس بارہ میں انجام کار کو سوچئے کیونکہ سننے میں آیا ہے کہ وہاں ماں بیٹی میں خانہ جنگی ہے اسلئے نواب صاحب کے لواحقین و متوسلین کو روبہ افلاس کا دیکھنا پڑیگا ہاں اگر دونوں فریق آپس میں متفق ہو جائیں تو مضائقہ نہیں ہے مگر ایسی بات آپ جیسے شخص سے غیر ممکن ہے بندہ فقیر بھی پسند نہیں کرتا ہے اسلئے توقف کرنا چاہئے مجھے آپکی تحریر سے اتفاق ہے۔ شاہی ملازم کبھی بھی رعایا کی خاطر نہیں کرتا ہے۔ والسلام خیر الختام

ساٹھواں خط ۶۰

یہاں مولوی ادریس نہیں آئے ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی مولوی شمس الحق صاحب اللہ تعالیٰ

صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد سلام مسنون واضح باد کہ مولوی محمد ادریس
د صاحبزادہ شما، دریں جانیامدہ اند وقتیکہ خواہند آمد خاطرداری
کماحقہ و دلجوئی شان کردہ خواہد شد انصاحب بہر صورت دلجمعی
دارند۔ زیادہ والسلام خیر الختام مورخہ ۱۵ ربیع الاولی ۱۳۰۵ھ ہجریہ

مکتوب شصت و یکم ۶۱

طرز تحریر خوب ست مگر میانہ روی تالیف قلب لازم است کہ دل کسے زیادہ نہ رنجد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت شریف عزیز العلماء صمدانی ادام
اللہ تعالیٰ استقامتکم علی صراط المستقیم بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ
وبرکاتہ ہویدا باد تحریر شما یافتم خورسند شدم قصیدہ عزیزیہ کہ مشتمل بر
کیفیت مولوی فضل حق خیرآبادی مرحوم نوشتند خوب است الا طرز
دلآزار عزیزان مرحوم خواہد شد ہر چند مقامات قلم کشیدہ شد عزیز تحریر
دلربا باید نہ جانگزا اگر چندے مشق سخن خواہد ماند انشاء اللہ انشا
پردازی ایشاں رنگ دیگر خواہد پذیرفت مرا کہ از خدمت علوم دین
سیما کتاب و سنت ضیق فرصت است و امروز زیر درس ۴۵ طلبہ
ہستند فقدان اطمینان است در زمرہ ما رشد سے وجاہے کہ
یافتند انشاء اللہ العزیز ثمرہ خواہند یافت و بالضرورت پیر را از
مباحثہ و تحریر این دآن مہلتے خواہند داد۔ اجزائے منع تقلید پیش
ازیں رسید در کتاب شامل کردم اکنوں ضرور است کہ تاریخ شیوع
بدعات برہمگناں ظاہر کنم لہذا آنصاحب بکمال توجہ چند اجزاء
دریں باب بنگارند و پیش ما ارسال دارند حالات مناقشہ دیوبند و
قرأۃ ضاد برسید ازیں پیش الزبان من شنیدہ اند و تحریر ہا ہم
دیدہ اند لہذا ازیں چیزے نیست بیان کنندہ گذشتہ حالات را بطرز

سلامت رکھے بعد سلام مسنون کے واضح ہو کہ مولوی محمد ادریس
صاحبزادہ آپکے، یہاں نہیں آئے ہیں جس وقت آئیں گے خاطر مدارات انکی
کی جائیگی آپ ہر طرح مطمئن خاطر رہیں۔ زیادہ والسلام خیر الختام
مورخہ ۱۵ ربیع الاولی ۱۳۰۵ھ ہجریہ

اکسٹھواں خط ۶۱

خادم تلمیذ کی تحریر کا استحسان و نصیحت بابت اختیار کرنے طریق دلپسند کے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت عزیز العلماء صمدانی سیدھی راہ پر
اللہ تعالیٰ ثابت و قائم رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے
ظاہر ہو آپکا خط ملا خوشی ہوئی قصیدہ عزیزیہ جو مولوی فضل حق خیرآبادی
کے حال میں تحریر فرمایا ہے خوب ہے مگر مرحوم و مغفور کے عزیزوں کی دل آزاری
کا باعث ہوگا اسلئے چند مقامات پر قلم زد کیا گیا اے عزیز تحریر دلربا چاہئے
نہ جاں گداز اگر کچھ دن مشق شعر و سخن کرتے رہوگے آپکی انشا پردازی اور
ہی رنگ پکڑے گی مجھکو کہ علوم دین کی خدمت خاصکر کتاب و سنت
سے فرصت کہاں ہے اور آجکل ۴۵ طالب العلم ہیں جس سے اطمینان مفقود
ہے میری جماعت میں جو ہدایت و عزت آپنے حاصل کی انشاء اللہ العزیز
فائدہ اسکا اٹھائیں گے اور مجھ پیر کو مباحثہ و تحریر سے مہلت دیں گے۔
قبل اسکے منع تقلید کے اوراق آئے تھے کتاب میں شامل کر دئے اب
ضروری امر یہ ہے کہ اشاعت بدعات کی تاریخ لوگوں پر ظاہر کروں اسلئے
آپ پوری توجہ سے چند جزو اس بارے میں تحریر کریں اور میرے پاس
بھیجدیں دیوبند کے مناقشہ کا حال اور قرأۃ ضاد کا مسئلہ آپنے دریافت
کیا ہے قبل اسکے میری زبانی آپ سن چکے ہیں اور مضامین بھی اس بارے میں
دیکھ چکے ہیں زائد اس سے کوئی تقریر و تحریر نہیں ہے بیان کرنیوالے نے قصہ

حال بازپشاں رسانید۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب شصت ودوم ۶۲

اَلْاِیْمَانُ یَزِیْدُ وَیَنْقُصُ صحیح است

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی سید عبد العزیز صمدنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد راحت نامہ رسید باورک حالات طمانیت ہا یافتم تحریریکہ درباب اَلْاِیْمَانُ یَزِیْدُ وَیَنْقُصُ فرستادہ اند مرا از وے اختلافے نیست بالفکر ہر عملے را جزا نیست ودر ہر امر زاید ونقصان را دخلے ہست عبارتیکہ بمن فرستادہ اند بسیار خوب ست الامحتاج بنظر ثانی۔ ہمیں واپس می کنم مرا در ینولا بسیار ازبسیار ضیق فرصت است بعد نظر ثانی بنزد من باید فرستاد والسلام خیر الختام۔

ماضیہ کو بطور حال کے آپ سے بیان کیا والسلام خیر الختام۔

باسٹھواں خط ۶۲

ایمان گھٹتا بڑھتا ھے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی سید عبد العزیز صمدنی اللہ سلامت رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو آپ کا خط ملا دریافت خیریت سے مطمئن ہوا ایمان کی زیادتی وکمی میں جو تحریر بھیجی ہے مجھ کو اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے عمل کے واسطے جزا ضروری ہے اور زیادتی ونقصان ہر چیز کے واسطے لازمی ہے جو مضمون کہ میرے پاس بھیجا ہے بہت بہتر ہے لیکن محتاج نظر ثانی کا ہے اسلئے واپس کرتا ہوں مجکو آجکل بالکل فرصت نہیں ہے بعد نظر ثانی کے میرے پاس ارسال کریں۔ والسلام خیر الختام

مکتوب شصت وسوم ۶۳

تشریح طیب ومشتبہ رزق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ برادر دینی میر قادر علی وفقکم اللہ السلام علیکم آپ نے خط بھیجکر مفت تکلیف اٹھائی مولوی عبد العزیز آپ کی تشفی تنقیح مسائل میں اسی قدر کرسکیں گے جیسا کہ یہاں سے ہوسکتی ہے اب سنئے مال حلال کو لقمہ طیب کہتے ہیں مال حرام کو نجس اور دونوں کی آمیزش کو مشتبہ کمائی۔ آجکل کی اصطلاح ہے اپنے زور بازو سے جائز پیشے سے جو جنس ونقد حاصل کیا جائے وہی طیب ہے اور خلاف جو ہے وہ ظاہر ہے پس اسی پر کاربند ہوجئے یہ مزخرفات جو جہاں صوفیہ نے خلاف کلام اللہ وکلام الرسول پھیلائے ہیں آنکو ذرا نہ سنئے قصہ حضرت یوسف علیہ السلام کی تفسیر مولوی عبد العزیز سلمہ سے کسی روز سن لیجئے وہ قرآن سے سنائیں گے پھر دیکھئے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہاں پرورش پائی کہاں کا ٹکڑا کھایا ان سب امور کو خوب مطالعہ کر لیجئے اور زیادہ تفتیش سے اپنے قلب مطمئنہ کو پریشان نہ کیجئے ورنہ آپ کو روزہ نماز میں بھی انتشار ہوگا اور پھر کسی کام کی زندگی نہ رہیگی۔

عاجز سید محمد نذیر حسین عفی عنہ از دہلی

مکتوب شصت و چہارم [۶۴]

كَلِمَتَانِ خَفِيفَتَانِ ثَقِيلَتَانِ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ جناب میر قادر علی صاحب سلام علیکم ۔ عاجز سید محمد نذیر حسین کی التماس یہ ہے کہ توبہ کا ورد زیادہ رکھئے اور آپ روزمرہ سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ ۳۳ بار پڑھا کریں اور بعد عشا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ بہت زیادہ پڑھئے گا ۔ افسوس ہے کہ آپ بخوبی پڑھ نہیں سکتے ہیں ورنہ کتاب الرقاق آپکو بہت فائدہ بخشتی یہ خط نہایت جلی قلم سے لکھوایا ہے کہ آپ بے تکلف پڑھ لیں گے ۔

والسلام از دہلی

مکتوب شصت و پنجم [۶۵]

تحقیق سنّت و بدعت

برادر دینی سید قادر علی وفقکم اللہ اتباع الشریعۃ السلام علیکم آپ کا خط بواسطہ مولوی عبدالعزیز صمدنی کے پہنچا آپکی مساعی جمیلہ اجرار امور شرعیہ میں باوجود کم خواندگی ظاہر ہوئی نہایت خوشی ہوئی خدا آپ کی مدد کریگا کیا پڑھے لکھے آدمی سب انسان ہوتے ہیں (ہرگز نہیں) جس سے خدمت کتاب و سنت کی ہو وہی انسان اور پختہ مسلم ہے آپ نے مغری الیہ سے تفصیل بدعات خود دریافت نہ کی (ماشاء اللہ انکو اس معاملہ میں پورا درک ہے) اچھا اب میں مختصر بتاتا ہوں وہ بخوبی سمجھا دیں گے اگر آپ یہ نہ سمجھیں تو پھر مجھ سے دریافت کیجئے گا شیخین رض و ابو داؤد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا ھٰذَا مَا لَیْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ ترجمہ: جس نے جدید بات نکالی ہمارے امر دین میں جو اس میں نہ تھی بس وہ مردود ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ حدیث قاطع جمیع محدثات ہے دوم مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَیْسَ عَلَیْهِ اَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ ترجمہ: جس نے وہ کام کیا کہ نہیں اس پر امر دین ہمارا بس وہ مردود ہے لہذا یہ الفاظ قامع بنیان جملہ اعمال غیر مامور بہم ہیں ۔ جناب میر صاحب خوب سمجھئے کہ جملہ امور بدعہ مردود ہیں اسوجہ سے کہ ان کا امر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں فرمایا بلکہ خود امت نے اپنے جی سے تراش لیا ہے حضرت امام شافعی رح نے بھی استحسان کو ابتداع فرمایا اور ایسی جانب امام مالک رح بھی گئے ہیں۔ مطلب اسکا یہ ہے کہ اتباع سنت سنیہ میں محوضت[٥] صرفہ اور صرافت محضہ ہو ادنی آمیزش و ترادش بدعت کا انداز نہ پایا جائے آپ نے گلستان و بوستان پڑھی ہوگی ۔ شیخ سعدی رح نے لکھا ہے ؎ خلافِ پیمبر کسے رہ گزید ❊ کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید ❊ بصدق و صفا کوشش و ورع و تقٰی ❊ ولیکن میفزا ئے بر مصطفٰے ❊ جو اعتقاد قول و فعل حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت نہیں اور نہ خود جناب اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اور نہ کسی کو کرنے کے لئے فرمایا اور نہ کسی کو کرتے دیکھ کر روکا اور نہ آپ کے بعد صحابہ رض کے عہد میں جاری ہوا

[٥] بمعنی خالص ہو۔

اور نہ کبھی صحابہ رض نے انکار کیا اور نہ تابعین و تبع تابعین رض کے زمانہ میں بلا نکیر رائج ہوا بلکہ لوگوں نے اپنی طرف سے ان قرون کے بعد تراشا وہ بالکل بدعت ہے اور ہر بدعت ضلالت وگمراہی ہے اور ہر گمراہی کا نتیجہ دوزخ ہے یہ مختصر الفاظ کافی ہیں۔ عاجز نذیر حسین عفی عنہ

مکتوب شصت وششم ۶۶

باظہار مسرت کہ سب صحابہ رض و شتم خلفاء ثلثہ را اگر اشنند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت مہربان فقرا مولوی سید عابد حسین سہار صاحب سلمہ بعد السلام علیکم واضح باد از تحریر آں مہربان بسیار مسرت بر مسرت یافتم خداوند اور علم و فضل و عمر شما برکتے بادفی الواقع سب صحابہ رض و شتم اخیار مبغوض ترین فعلہا است خوب کردند کہ ازدے توبہ فرمودند جنت بریں در ملک خود خواہند آورد ان شاء اللہ تعالیٰ باید شنید اگر شمارا پیش اقربا شما کسے دشنامے دہد انصاف نمایند کہ شنوندہ را گراں خواہد آمد یا نے بالضرور مکروہ خواہد آمد بلکہ بمکافاتش توجہ خواہد گماشت معیار الحق طلب فرمودہ انداز اعزی سید عبد العزیز صمدنی باید گرفت و ہموارہ از اتباع کتاب و سنت ذخیرہ ہا باید اندوخت مومی الیہ جامع حسنات ہستند از خدمت عالی وے انحراف نکنند و فتیکہ مولوی صاحب در اینجا بیایند تشریف آوردہ رونق بجلسہ محزون من باید بخشید والسلام خیر الختام

چھیاسٹھواں خط ۶۶

سنی ہونے کی خوشی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت مہربان فقرا مولوی سید عابد حسین تمہارا صاحب اللہ سلامت رکھے بعد السلام علیکم کے واضح ہو آپکی تحریر سے بیحد خوشی ہوئی اللہ تعالیٰ علم و فضل و عمر میں آپ کی برکت عطا کرے حقیقت میں گالی دینا و برا کہنا اصحاب رض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و صالحین کو بدترین فعل ہے اچھا کیا کہ اس فعل بد سے تائب ہوئے اور جنت الفردوس کے ان شاء اللہ تعالیٰ مستحق ہوئے سنئے اگر آپ کو آپکے اقربا کے روبرو کوئی گالی دے انصاف سے کہئے کہ سننے والے کو برا معلوم ہوگا یا نہیں یقیناً وہ برا سمجھیگا بلکہ اسکا بدلہ لینے کے لئے تیار ہوگا چنانچہ شیعہ سنی کا یہی حال ہے معیار الحق آپنے طلب کی ہو سید عبد العزیز صمدنی سے آپ لے سکتے ہیں کتاب و سنت کے اتباع سے نیکی کا خزانہ حاصل کر سکتے ہیں مولوی صاحب ممدوح جامع حسنات ہیں آپکی خدمت سے کبھی اعراض نہ کرینگے جسوقت مولوی صاحب یہاں تشریف لائیں آپ بھی اس عاجز کو سرفراز کریں والسلام خیر الختام

مکتوب شصت وہفتم ۶۷

از سفارش ناحق مجتنب باید بود

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت مہربان دوستان دینی مولوی سید

سرسٹھواں خط ۶۷

سفارش ناجائز سے علیحدہ رہنا چاہئے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت مہربان دوستان دینی مولوی سید

ارشاد علی صاحب سلمہ ربہ بعد السلام علیکم واضح باد حسب تحریر آنصاحب
مولوی عبد العزیز صمدنی را بالفاظ شائستہ نوشتہ ام یقین
غالب کہ دربارہ آنصاحب توجہ خاص فرمایند ہموارہ مومی الیہ را
نصیحت کردہ ام کہ پیرامون غضب و غصہ نروند واز دیانت کہ
شیوہ مرضیہ ہست کار گیرند الحمد للہ کہ عبد العزیز را بر اندرزہایم
نظرے خاص ہست تعصب را بسیار قبیح بمعاملات سرکار
میداند بل سبق دیانت از وشان باید گرفت از ہمگنان بسیار
سنجیدہ مزاج یافتہ اند البتہ از تحکم باغراض سلطان چارہ نیست
در معاملہ تعزیہ برداشتن چیزے نخواہم نگاشت عبد العزیز ملا نیست
حاکم است خدا تعالیٰ افراد انسان را باو سپردہ ہر چہ انصاف
خواہد بود بعمل خواہد آورد بندہ فقیر از انصاحب تعارفے ندارد الا
جواب ندادن نزد من بسیار مذموم است گاہے مرا از سفارش
ناحق سرفراز نفرمایند والسلام خیر الختام۔

مکتوب شصت و ہشتم ۶۸

از حالات بدعات آگاہ شدہ متاثر شدم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت شریف مولوی سید عبد العزیز
صمدنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد حالات
آن نواحی دریافتہ از شیوع بدعات خیلے متاثر شدم در باب تعزیہ
چہ می پرسید رائے صائب و سلیقہ کافی بفضلہ نصیب ایشان است
الا آنچہ نزد بندہ بدرجہ تحقیق رسیدہ این است۔ ارتکاب تعزیہ
پرستی وساختن ضرائح وعلم وجریدہ وذوالفقار و دلدل واز جائے
بجائے رسانیدن ودرانجا بالائے چبوترہ نہادن ونصق وتابوت

ارشاد علی صاحب اللہ سلامت رکھے بعد السلام علیکم کے واضح ہو
آپکی تحریر کے بموجب مولوی عبد العزیز صمدنی کو مناسب طریق پر خط لکھ
دیا ہے یقین کامل ہے کہ آپکے بارے میں توجہ کریں گے ہمیشہ مولوی صاحب
ممدوح کو پند ونصائح کی ہیں کہ غصہ کے پاس بھی نہ جاویں اور دیانتداری
بہترین طریقہ ہے کل کام انجام دیں اللہ کا شکر ہے کہ میری نصیحت پر عبد العزیز
کو خاص توجہ ہے معاملات سرکاری میں تعصب کو بہت برا جانتا
ہے دیانت داری سبق ان سے حاصل کرنا چاہئے ماشاء اللہ مزاج
سبھوں سے سنجیدہ پایا ہے کاروبار سرکاری میں بجز حکومت
کے چارہ نہیں ہے تعزیہ اٹھانے کے بارے میں میں کچھ نہیں لکھونگا
عبد العزیز ملا نہیں ہے حاکم ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو ان کے
سپرد کیا ہے جو کچھ انصاف ہوگا عمل میں لائیں گے بندہ فقیر آپ سے
واقفیت نہیں رکھتا ہے چونکہ شریعت میں جواب خط کا نہ دینا بہت مذموم ہے
اسلئے تحریر جواب کیا ورنہ نہیں دیتا مجھکو سفارش ناحق سے سرفراز نکریں السلام خیر الختام

اٹھواں خط ۶۸

تعزیہ داری بدعت ضلالت ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت شریف مولوی سید عبد العزیز صمدنی
اللہ تعالیٰ سلامت رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح
ہو اس اطراف کا حال معلوم کر کے اور بدعات کے اشاعت کا حال سنکر
بہت افسوس ہوا تعزیہ داری کے بارے میں کیا پوچھتے ہیں خدا کے فضل سے
آپ بہترین رائے وسلیقہ کامل رکھتے ہو بہرکیف جو کچھ اس عاجز کی تحقیق
میں آیا ہے یہ ہی کہ تعزیہ پرستی اور قبر پرستی وغیرہ وجھنڈا وتلوار
حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بنانی اور دلدل نکالنا اور گلی کوچہ میں

سبطین رسول الثقلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرار دادن و تعظیم و تکریم وے نمودن و بر آں مالیدہ و شربت و نقل و شیرینی و گل و سہرہ داشتن و انداختن و فاتحہ و درود خواندن و آنرا موجب نجات اخروی پنداشتن و دیگر نامشروعات مستلزم مخالفت و مشاقت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم و اتباع غیر سبیل المومنین و اعراض از طریقہ جناب امام ابی حنیفہ رح و دیگر ائمہ دین است بلکہ بموجب حکم قرآن وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى الخ مستحق دخول نار است و دعوی سنی نمودن خود کاذب را فائدہ نمی دہد چرا کہ اینہمہ شرک است کہ بہ تحریر خویش اشارہ کردہ اند زیادہ ازیں زیادہ دریں باب تحریرے بلسوط نوشتم از روے جملہ امور مستفسرہ خود باید جست۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب شصت و نہم ۶۹

آفرینست کہ باوجود غلبہ اقربا شیعی کار از تعزیہ پرستی تارک سب صحابہ شدند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت جامع علوم و فنون مولوی سید عابد حسین صاحب سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد دریافت خیریت الصاحب از تحریر مولوی عبد العزیز صمدنی بسیار مبتہج شدم آفریں باد برہمت و حوصلہ آں صاحب کہ باوجود غلبہ اقربا خویش سب صحابہ رض را بگزاشتند و از تعزیہ پرستی و گور نوازی کارہ شدند درجات ایشاں بدرگاہ رب العالمین بیش از بیش است رمولانا، ہرگاہ کہ از مشاغل سرکاری فرصت باشد مطالعہ صحاح ستہ و کتب تصوف اوقات عزیز صرف باید فرمود عوارف المعارف پسندیدہ آمد بہتر است الا صحاح ستہ را بسیار خوب می پسندم در

پھر اگر چبوترہ پر رکھنا اور نعش و تابوت نواسگان رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی سے نسبت دینا اور اسکی تعظیم و تکریم کرنا اور اُس پر مالیدہ و شربت و نقل و مٹھائی و پھول و سہرہ رکھنا اور ڈالنا اور فاتحہ و درود پڑھنا اور ان جملہ امور مذکورہ کو نجات اخروی کا باعث جاننا بالکل مخالفت سردار دونوں جہاں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خلاف طریقہ جناب امام ابو حنیفہ رح و دیگر ائمہ دین کے بلکہ بموجب حکم قرآن مجید وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى ، کے مستحق دوزخ کا ہوگا اور جھوٹا دعوے سنی ہونے کا کرنا مفید مدعا نہ ہوگا یہ کل باتیں شرک کی ہیں آپ نے بھی اسکی طرف اشارہ کیا ہے اس بارے میں میری تحریر مبسوط مرقوم ہو چکی ہو اُس سے اپنے سوالات مسئولہ کو حل کریں۔ والسلام خیر الختام۔

انہتر واں خط ۶۹

باوجود غلبہ اقربا شیعی کے سب صحابہ چھوڑ دیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت جامع علوم و فنون مولوی سید عابد حسین صاحب اللہ تعالیٰ سلامت رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو آپکی خیریت تحریر سے مولوی عبد العزیز صمدنی کے معلوم کرکے خوشی وافر ہوئی آپکی ہمت و حوصلہ پر صد آفریں ہے۔ کہ باوجود غلبہ اقربا آپنے دشنام صحابہ رض کو ترک کیا اور تعزیہ و گور پرستی سے تائب و کنارہ ہوئے آپ کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے دربار میں حد اندازہ سے زیادہ ہے رمولانا، جسوقت کہ مشاغل سرکاری سے فرصت ہو اپنے اوقات عزیز کو مطالعہ کتب صحاح ستہ و تصوف میں صرف کیا کریں اگرچہ عوارف المعارف آپ کی مطبوع خاطر ہے لیکن صحاح ستہ کو میں زیادہ

امر یکہ اغلاق پیش آید از مولوی عبد العزیز باید پرسید محدثین ہموارہ خدمت اہل بیت را سرمایہ افتخار دانستہ اند و اخیار صحابہ را ہم سرتاج پنداشتہ اند ہر یکے را باندازہ درجہ باید دانست افراط تفریط مبغوض ترین اشیاء است (مولانا، جلال الدین) را نصب العین باید داشت موجز تفسیر مگر جامع و مانع است۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب ہفتادم

امداد مدرسہ بسیار مستحسن۔ از ناکامی امتحان بدل نباید بود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین عفی عنہ بخدمت شریف ابن الشریف عزیز العلماء الصمدی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم واضح باد نوٹ یکصد روپیہ بصیغہ بیمہ رسید محظوظ گردانید چہ کہ از نایافت اخبار آنجا و خیریت ایشان چشم براہ بود الحمد للہ کہ تشتت و تردد مبدل باطمینان گردید برادران مدرسہ را باعانت نواختن عین فتوت است ہر چہ کردند از امید زاید نمودند خداوند شما را از مکاید حسّاد جفا کار مصئون داشتہ از ذات ایشان اشاعت کتاب و سنت کناد از طرز بے پرواہی شما بسیار می نالم کہ کوتہ رقمی چگونہ اختیار نمودند یاد دارند کہ ہفتہ وار خیریت نامہ بیاید۔ بخورجیتمان دعا ہا رسانند بنگارند کہ طفل نو را در اچہ نام اختیار کردند و ہمہ بچگاں را از جانب فقیر بکمال شفقت باغوش کشند از جانب فقیر عفیفہ ذکیہ را دعاء نیکدلی رسانیدہ شکریہ ایثار و ابذال فی سبیل اللہ باید رسانید۔ و باید دارند کہ ویرا بتاثیر مزاجی خویش گاہے منغص و مکدر نمایند چہ کہ سخیہ بدرگاہ جل و علا ہمیشہ مقبول تر است۔ از ناکامی امتحان بدول نباید بود خوش

پسند کرتا ہوں جہاں کہیں حدیث شریف کے متعلق معلوم نہ ہو تو وہ مولوی عبد العزیز صاحب سے دریافت کرلیں محدثین اہل بیت کی خدمت کو سرمایہ آخرت و اعزاز جانتے ہیں اور صحابہؓ کرام کو اپنا سرتاج جانتے ہیں ہر ایک بزرگان کا مرتبہ ملحوظ رکھنا چاہیئے افراط تفریط بہت بری بات ہے (مولانا، جلالین کو پیش نظر رکھنا چاہیئے اگرچہ موجود تفسیر ہے مگر جامع و مانع ہے۔ والسلام خیر الختام

سترواں خط

روپیہ پہنچا مدرسہ کی امداد نہایت عمدہ امر ہے ناکامی امتحان سے بددل نہ ہونا چاہیئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت شریف ابن الشریف عزیز العلماء صمدی اللہ تعالی سلامت رکھے بعد السلام علیکم کے واضح ہو نوٹ مبلغ سو روپے کا بذریعہ بیمہ وصول ہو کر خوش و خرم کیا کیونکہ عدم دریافت سے آپکی خیریت کا سخت تعلق تھا اللہ تعالیٰ کا شکر کہ پریشانی و تردد طمانیت و دلجمعی سے بدل گئی برادران مدرسہ کی اعانت کرنی عین مروت ہے جو کچھ کیا امید سے زائد کیا اللہ تعالیٰ آپ کو حاسدین جفا کار کے مکر سے محفوظ رکھکر آپ کی ذات سے اشاعت کتاب سنت کی کرائے آپکے طرز بے پروائی سے بہت ملول خاطر ہوں کیونکہ مختصر تحریر کی عادت ڈال لی خوب یاد رکھو کہ خیریت کا خط ہفتہ میں آیا کرے بچوں کی دعا کہیں اور یہ تو لکھیں کہ مولود نو پید اکا کیا نام رکھا ہے سب بچوں کو فقیر کی طرف سے پیار کریں اور عفیفہ ذکیہ کو فقیر کیطرف سے نیکدلی کی دعا پہنچا کر خیرات فی سبیل اللہ کا شکریہ پہنچا دیں۔ اور یاد رکھیں کہ انکو اپنی فطرت مزاجی سے کبھی ترش رو و مکدر نہ کریں کیونکہ سخیہ درگاہ حق تعالی میں رتبہ و مراتب عالی رکھتی ہے ناکامی امتحان سے بددل

سیدہم کہ تحصیلداری از دست شما ہرگز نخواہد رفت انشاء اللہ تعالیٰ۔ خداوند تعالیٰ و تبارک برایشان رحم خواہد فرمود چرا کہ بسیار مستحقین وابستہ دامن دولت ایشان ہستند اگر خواستہ خدا است بعد یکہفتہ سند کامیابی امتحان حاصل خواہند یافت بشکرانہ اش بر مستحقین چیزے ایثار نمایند و سپاس موہبت ایزدی بجا باید آورد و والسلام خیر الختام

مکتوب ہفتاد و یکم

من نتوانم گفت کہ تاکے سفر حجاز بوقوع خواہد آمد در بمبئی جہد تلاش باید فرمود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی احب الفقرا حاجی شیخ عبد الصمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ واضح باد بالضرور عزم حرمین شریفین پیش نہاد خاطر من است اگر خواستہ خدا است و بتقدیرم این نعمت مرزوق گردد تا جبہ سائی بارگاہ الٰہی خواہم شد این نتوانم گفت کہ تاکے رفتن خواہد شد چرا کہ بندہ فقیر پابند و مترصد حکم الٰہی است نمی دانم کہ وقت صدور امر چیست رفاقت سفر آن صاحب اگر بسیار مستحسن است الا بندہ نمی داند کہ ممکن است یا نہ بہر حال اگر خواہم رفت در بمبئی یا جدہ یا مکہ معظمہ حصول لقاء آنصاحب خواہد شد۔ والسلام خیر الختام۔

نہیں چاہیئے میں خوشخبری دیتا ہوں کہ تحصیلداری ہرگز آپ کے ہاتھ سے انشاء اللہ تعالیٰ نہیں جائیگی اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر آپ پر رحم کرے گا کیونکہ بہت مستحق لوگ آپکے دامن دولت کیساتھ وابستہ ہیں خدا نے چاہا تو ایک ہفتہ کے بعد کامیابی امتحان کی سند ملجائیگی اسکے شکرانہ میں کچھ غربا کو دیں و شکر خداوند تبارک و تعالیٰ کا بجا لادیں۔ والسلام خیر الختام۔

اکھتّرواں خط

دیکھئے کب سفر حجاز ہو مگر عزم مصمم ضروری ہے بمبئی جدہ میں مجھے تلاش کر لیجئے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بہ خدمت گرامی محب الفقرا حاجی شیخ عبد الصمد صاحب اللہ تعالیٰ سلامت رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو میرا مقصود دلی زیارت حرمین شریفین ضرور ہے اگر اللہ نے چاہا اور میری تقدیر میں یہ نعمت لکھی گئی ہے تو جبہ سائی بارگاہ الٰہی کروں گا۔ میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ کب تک جانا ہوگا کیونکہ بندہ فقیر منتظر حکم الٰہی کا ہے صدور حکم ربی کا علم نہیں ہے کہ کسوقت ہوگا گرچہ آپکی رفاقت سفر حج میں بہت مستحسن ہے لیکن بندہ نہیں جانتا ہے کہ وقوع میں آیگا یا نہیں بہر حال اگر جانا ہوا تو بمبئی یا جدّہ یا مکہ معظمہ میں آپ سے ملاقات ہوگی۔ والسلام خیر الختام

مکتوب ہفتاد و دوم

باطلاع مراجعت از سفر حجاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ از عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت شریف عزیز العلما رضوی صمدنی سلمہ ربہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ کہ میں سفر حجاز سے واپس آیا آپ نے اخبار میں سب حال دیکھے اور پڑھے ہونگے نصرۃ السنۃ نے جو چھاپا ہے وہ صحیح کیفیت سمجھو برادران ہند کی عنایت تھی میرا جو اعزاز و تعظیم و تبجیل عرب میں ہوا اسکا شکریہ بجناب باریتعالی کرتا ہوں بے شک سعایت معاندین و منافقین سے مجھے ابتدائً بہت دشواریاں پیش آنی محسوس ہوئی تھیں مگر الحمدللہ کہ وہ بالکل کچھ نہ تھیں یہ تم پر ظاہر ہے کہ میں معتزلی[۵۲] نہیں ہوں بس مجھ پر کیا حصر ہے بلکہ تمام مسلمین پر اس سے توبہ کرنی واجب ہے خود میں نے بخوشی توبہ کی ہے عرب میں اعتزال کو بہت خراب سمجھتے ہیں اور فی الواقع وہ بُری چیز ہے تحریر شریف صاحب اور ایراد سلطانی میرے ساتھیوں کے پاس ہونگے مجھے تو اسکا خیال نہیں ہے میرے لئے فرمان واجب الاذعان قرآن کافی ہے کہ جو سلطان السلاطین کا حکم ہے میرے ساتھ کوئی خلاف امر پیش نہیں آیا بلکہ میرے مخالفین کو میری تکریم و تعظیم پر رشک تھا اور ہندوستان میں جو کیفیت سب کی تھی آپ کو معلوم ہوئی ہوگی جیسا کہ تم چاہتے ہو میں بھی تم کو دیکھنا چاہتا ہوں فی الواقع زبانی حالات سفر سنکر آپکو تسکین ہوگی۔ والسلام۔ از دہلی۔

مکتوب ہفتاد و سوم[۷۳]

در کانپور ملاقات باید کرد

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی بخدمت اعزی مولوی سید عبدالعزیز صمدنی سلمہ۔ السلام علیکم۔ میں جب پورب جاؤں گا تو ضرور تم کو اطلاع دوں گا کانپور میں مجھ سے ضرور مل لینا میں نہایت خوش ہوں گا مولوی شریف حسین مع عمرہ بخیریت ہیں اور ان کی عیال بھی بخیریت ہیں۔ الراقم العاجز سید محمد نذیر حسین از دہلی۔

مکتوب ہفتاد و چہارم[۷۴]

باہم رد و قدح نباید شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی محمد سعید صاحب سلمہ ربہ بالخیر والعافیت فی الدارین بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ واضح باد کہ مولوی محمد حسین در تنقیح و تحقیق متشابہات بوجہ بسط و تفصیل مع جوابات ماولین خوب نوشتہ اند و دران ذکر آنصاحب ہم مرقوم ہست و شنیدہ شد کہ آن صاحب در رد و جواب مشار الیہ

چوہترواں خط[۷۴]

باہم رد و کد نہیں چاہیئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین مطالعہ گرامی مولوی محمد سعید صاحب اللہ تعالیٰ دونوں جہان میں عافیت کے ساتھ رکھے بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ کے واضح ہو کہ مولوی محمد حسین نے متشابہات کی تنقیح و تحقیق میں تفصیل و بسط کیا تھا و ماولین کے جوابات کو بھی واضح پیرایہ میں لکھا ہے کچھ ذکر آپ کا بھی آگیا ہے سنا گیا ہے کہ آپ انکے

[۵۲] معتزلہ وہ فرقہ ہے جو قرآن پاک کو مخلوق کہتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو خالق شر نہیں مانتا۔ چونکہ اہل مکہ کو اس عقاید سے نفرت ہے اسی عقائد کو حضرت میاں صاحب کو بھی اس عقیدہ سے نفرت تھی اسواسطے حضرت

توجه فرمانشده اند دمشققان با خود با رد و کد نشاید که موجب
شماتت اعدا خواهد بود آرے اگر تحقیق آن فی نفسه بطور خود
میدارند بنویسند و دراں ذکر مولوی صاحب نباشد که صورت
تباغض وعناد پیدا شود که نتیجه تفرق وتحاسد رو دهد لیکن اگر
بنویسند اوّلاً بمن و نواب صاحب سلمه به معائنه خواهد کنانید
بعد دیدن ما بقالب طبع آرند مضائقه ندارد و مشفقان رعایت
کُونُوا عِبَادَ اللهِ اِخْوَانًا ملحوظ خواهند داشت که از شقاق
و نفاق مبرا و معرّا شوند و شیوه ع اگر مردی اَحْسِنْ
اِلٰی مَنْ اَسَآء ٭ برجا دارند و از حال مقدمه بنارس هم چه رو
داده باشد برنگارند زیاده والسلام ۲۳ ذیقعده سنه ۱۳۰۱ھ از دہلی

رد کی طرف متوجہ ہوتے ہیں (اے صاحب) آپس میں رد و کد چاہئے
کیونکہ دشمنوں کو برا بھلا کہنے کا موقع ملیگا۔ہاں اگر تحقیق نفس مسئل
کی منقوش خاطر ہے تو آپ اپنے طریق پر تحریر کریں مولوی صاحب
ممدوح کا ذکر اس میں نہو کہ صورت بغض وعناد سے نتیجہ افتراق و
انشقاق کا پیدا ہوتا ہے اگر آپ کو لکھنا ہی منظور ہے تو قبل طبع
کے مجھکو اور نواب صاحب سلمہ کو دکھالیں اور میرے دیکھنے کے
بعد طبع کرائیں تو مضائقہ نہوگا (اے صاحب) کُونُوا عِبَادَ اللهِ
اِخْوَانًا۔ کو مدنظر رکھیں گے تاکہ شقاق و نفاق سے بری وخالی رہیں
اور طریق ع اگر مردی اَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَآء ٭ پر قائم رہیں اور
کوائف مقدمہ بنارس سے تحریر فرمائیں کہ کیا واقعہ ہیں آیا زیادہ والسلام ۲۳ ذیقعدہ سنہ ۱۳۰۱ھ از دہلی

مکتوب ہفتاد و پنجم

منافشہ باہمی مزیل حیثیت است

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٭ از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی صاحب جامع الحسنات والکمالات مولوی محمد سعید[1] صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ باوجود تاکید بلیغ کے بعد میری سابقہ تحریروں کا جواب نہ دیا مجھے ناپسند ہوا خوب سمجھ لیجئے ع ہرانچہ ناصح مشفق بگوید بپذیر ست ٭ گفتہ گفتہ من شدم بسیار گو ٭ از شما یک تن نشد اسرار جو ٭ دیکھئے صاحب باہمی منافشہ مزیل حیثیت ہے تو تو میں میں سے بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے اور اخباری دنیا آستینیں چڑھا چڑھا کے قلم بازی کرتی ہے اور شخاصمین کی پیٹھ ٹھونک کر چیتے کی طرح بھائی بنا لیتی ہے خوب سمجھ کر کام کرنا چاہئے جس میں آخر کو پشیمانی نہ اٹھانی پڑے۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب ہفتاد و ششم

رسید انیہ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی صاحب جامع الحسنات والکمالات مولوی محمد سعید صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد السلام علیکم

چھہترواں خط

آم پہونچے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی صاحب جامع الحسنات والکمالات مولوی محمد سعید صاحب اللہ تعالیٰ سلامت رکھے بعد السلام علیکم

[1] (نوٹ) مولوی محمد سعید صاحب حضرت میاں صاحب کے شاگرد رشید تھے جن کے صاحبزادہ مولانا ابوالقاسم صاحب فارسی حیات ہیں

ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ انبہ پنجاہ عدد رسید کمال حلاوۃ
وکامرانی بخشید وشادمانی مرا گردید جزاکم اللہ فی الدارین باد
والسلام خیر الختام وفتوی مہر کردہ فرستادہ می شود
خواہد رسید از طرف ابوالحسن السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
مورخہ ۲۷ محرم ۱۳۱۶ھ روز جمعہ از دہلی

مکتوب ہفتاد وہفتم

تحقیق مسئلہ عقوق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین عفی عنہ بخدمت گرامی ملاذ العلما مخدوم الفقرا
حاجی حافظ مراد اللہ صاحب سلمہ ربہ بالخیر والعافیت بعد السلام
علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ بدریافت خیریت آنجا سپاس
گزار بارگاہ احدیت شدم۔ مراکہ پرسیدہ اند احسانے فرمودند
مردہ را مردہ دانستن وزندہ را باعانت وے برخاستن آئین
خردمنداں است۔ آنکہ در مسئلہ عقوق نگارش کردہ اند
بالا یجاز پاسخش این است کہ نافرمانی والدین پسندیدہ امر
نیست مگر دریں زمانہ کہ لفظ عاق ونافرمان دائر وسائر بل
بافواہ انام مشہور گشتہ کہ اولاد را از فرزندی خارج نمودہ شد
بشرع شریف اصلے ندارد بالکل لغو وبیہودہ است ازین
قول کہ پسر را از دائرہ فرزندی برآوردم اولاد از حقوق خویش
محروم نمی تواند شد مفہوم قرآن شریف چناں نیست لہذا در
درمیراث وغیرہ ہمچنیں استحقاق دارد کہ بقول نافہمان وکج
خردان پیش از گفتن این کلمہ کہ عاق کردم بود۔ ہاں ایذائے
والدین گناہ کبیرہ است کہ از عفو والدین محو می شود یا کہ جناب

ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ پچاس عدد آم پہونچے خوشی وکمال
حلاوت وکامرانی ہوئی جزاک اللہ فی الدارین زیادہ والسلام خیر الختام
فتوے مہر کرکے بھیجا جاتا ہے موصول ہوگا۔ ابوالحسن کیطرف
سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ قبول ہو
مورخہ ۲۷ محرم ۱۳۱۶ھ روز جمعہ از دہلی

ستتر واں خط

مسئلہ عقوق کی تحقیق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بہ خدمت گرامی ملاذ العلماء مخدوم الفقراء
حاجی حافظ مراد اللہ صاحب خیر وعافیت سے اللہ تعالی رکھے بعد
السلام علیکم کے واضح ہو دریافت خیریت سے وہاں کے شکر آلہی
بجالایا پرسیدگی حال عاجز باعث احسان سامی ہے مردہ کو
مردہ جاننا اور زندگی میں ایک دوسرے کی اعانت کرنی طریقہ پسندیدہ
دانشمنداں ہے مسئلہ عقوق کے بارے میں استفسار فرمایا ہے اسکا
مختصر جواب یہ ہے کہ والدین کی نافرمانی پسندیدہ بات نہیں ہے
بلکہ سخت مذموم مگر اس زمانہ میں عاق ونافرمان کا لفظ زبان زد خلائق
ہو رہا ہے کہ جو کوئی اپنی اولاد کو فرزندی سے خارج کردے اسکو عاق
کہتے ہیں اسکی اصلیت شریعت میں نہیں ہے اور یہ قول کہ اپنے لڑکے
کو فرزندی سے باہر کردیا، لغو وبیہودہ ہے اولاد اپنے حقوق سے محروم
نہیں ہوسکتی قرآن مجید کا مطلب ومعنی یہ نہیں ہے جیسا کہ لوگ سمجھے
ہوئے ہیں اسلئے میراث وغیرہ میں وہی حق ثابت رہتا ہے جیسا کہ
قبل کہنے کوتہ عقل ونافہموں کے کہ میں نے عاق کردیا، تھا۔ ہاں
والدین کو ایذا دینا گناہ کبیرہ ہے وہ گناہ والدین کے معاف کرنے سے

شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شفاعت فرمایند۔ مگر اینہم ماثور است کہ مرتکب گناہ کبیرہ ہموارہ بدوزخ نخواہد ماند درین زمانہ کہ لفظ عاق برزبان عام است۔ وجہش اینست کہ ہرگاہ پدر بعد از مرگ مادر پسر خود زن دیگر می کند وزن دیگر بچہ ہا می آرد وبیزینہ بخیال رسوخ آیندہ خویش اولاد انباع دسوت یا سوکن، خودرا در نظر پدر خوار کردن وایذا رسانیدن میخواہد و پدر نیز بوجہ محبت وتعشق زن نو ہرچہ وے میخواہد بلا نکیر بے دریافت حقیقت صادقہ میگوید کہ فلاں نافرمان است از میراث خود خارج کردم چرا کہ گوشہائے وے از سعایت زن نو پر است ادنمی فہمد کہ در پیرایۂ غمازی چہ آلستنی ست پس اینہم لغو وبیہودہ است فرسودہ خیالان کورمغز نمی دانند کہ در اطلاق عقوق چہ لازم می آید لازم است کہ نخستیں پدر۔ پسر خود را خواندہ بگوید کہ شما اینچنیں گفتند ومرا ایذا رسانیدند اگر بار دیگر چناں خواہد شد من ترا سزائے شرعی خواہم دادپس اگر فی الواقع قول زن نو (جدید) صحیح نیست لفظعش برہان ساطع خواہد آورد یا عفو خواہد خواست واگر بار دیگر فی الواقع خلاف اطاعت بظہور پیوندد پسر را طلبیدہ باید گفت کہ ایں حرکت ثقیلہ شما عفو نیست بلکہ شما را پیش خود آمدن نمی خواہم لہذا در غیبت پسر بہوا خواہی زن نو اینچنیں کلمات بیہودہ برزبان آوردن خلاف شرع است از پدر بیوم القیامۃ باز پرس خواہد بود چرا کہ غصب حق توریث عند الشرع ممنوع ومذموم است وآنکہ درباب وصیت دریافت کردند اصلش عند الشرع اینست کہ ہرچہ وصیت کند وصی را بیاگاہد اگر وصی غیر حاضر ست تا بذریعہ شاہدین حاضرین وقت خبرے باید رسانید چہ کہ اگر در وصیت حرمان ارث وارث مستحق است اعلانش لوصی بالضرور باید کتب حدیث وفقہ از معاملات ارث وعقوق پر است وھم

معاف ہوسکتا ہے یا جناب حضرت شفیع المذنبین صلی اللہ تعالی علیہ آلہ وسلم شفاعت فرمادیں یہ بھی حدیث میں آیا ہے کہ گناہ کبیرہ کرنیوالا ہمیشہ دوزخ میں نہیں رہیگا آجکل عاق کا لفظ ہر کس وناکس کی زبان پر ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ جب باپ بعد مرجانے ماں اپنے پسر کے دوسری عورت نکاح میں لاتا ہے اور وہ عورت بچے لاتی ہے اور جلتی ہے تو بخیال حفاظت حقوق آیندہ کے اپنی سوکن کی اولاد کو باپ کی نظر میں ذلیل وحقیر کرانا وایذا پہنچانا چاہتی ہے اور باپ بھی بوجہ عاشقی ومحبت جوان عورت کے جو کچھ کہ وہ چاہتی ہے بلا انکار وبدون دریافت اصل بات کے کہنے لگتے ہیں کہ فلاں نافرمان ہے میں نے اپنے ترکہ سے محروم کردیا کیونکہ انکے کان کو نئی عورت نے بیٹے کی طرف سے بھر رکھا ہے وہ نہیں سمجھتے کہ درپردہ کیا معاملہ ہے یہ سب بیہودہ ولغویات ہے پرانے خیال ذنا ریک دماغ والے نہیں جانتے ہیں کہ لفظ عاق کے کہنے سے کیا اثر مرتب ہوگا حالانکہ پہلے باپ پر لازم تھا کہ بیٹے کو بلاکر کہتا کہ تم نے ایسا کہا ہے مجھکو تکلیف پہونچائی ہے اگر دوسری بار ایسی حرکت کروگے تو تم کو سزائے شرعی دونگا اگر نئی بی بی کا کلام خلاف واقع کے ہے تو اسکی تردید میں دلیل وشہادت پیش کریگا یا خواستگار معافی ہوگا اور اگر دوسری بار بھی قضیہ نامرضیہ ظہور میں آئے تو بیٹے کو بلاکر کہنا چاہئے کہ یہ حرکت ناپسندیدہ تمہاری ناقابل معافی ہے میں تمہارا آنا اپنے پاس نہیں چاہتا ہوں خلاصہ یہ ہے کہ لڑکے کی عدم موجودگی میں نئی عورت کی محبت میں کلمات بیہودہ زبان پر لانا خلاف شرع ہے قیامت کے دن باپ سے پرسش ہوگی کیونکہ حق میراث غصب کرنا شریعت میں گناہ ہے۔ لفظ وصیت کا مسئلہ آپ نے دریافت فرمایا ہے اسکی حقیقت شریعت میں یہ ہے کہ جو کچھ وصیت کرے وصی کو مطلع کرے اگر وصی موجود نہیں ہے تو گواہاں موجود کے ذریعہ اسے خبر کردے

قرآن مجید ناطق است مسئلہ عقوق بخدمت فیضدرجت
استاد الاستاد رئیس المفسرین مولانا شاہ عبد العزیزؒ
انار اللہ برہانہ پیش بندہ بود ہرچہ نوشتم ماخوذ
آنست فی الحال مولوی سید عبد العزیز صمدنی صاحب
سلمہ ربہ این مسئلہ را بتوضیح وتشریح بسیط نگاشتہ اندو
علماء بلاد عرب وعجم ویرا ستودہ بدستخط خود ویرا مزین
کردہ اند موصوف الیہ بقصبہ گھاتم پور من مضافات کانپور
تشریف می دارند اگر خواہند نقل وے از او شان برگیرند۔
والسلام خیر الختام۔

مکتوب ہشتاد و ہشتم

حالات ایام طلب علم مقام آلہ آباد عند السفر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت شریف عزیز العلماء مولوی
عبد العزیز رضوی صمدنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ و
برکاتہ واضح باد از تحریر ایشان بوضوح پیوست کہ بضلع آلہ آباد
رسیدہ خوب شد لب جمن مسجد یست کہ بایام طلب علم چندے
بسر کردہ در آنجا از مولوی زین العابدین صاحب مرحوم ومغفور
صحبت درس وتدریس گرم می بود از چند اصحاب دوایر
ہم جلسہ مذاکرہ بانتہا کشیدہ بود وقتیکہ از آنسو در گزرند
ضرور بہ بینند کہ حال مسجد چیست شنیدہ ام کہ در ایام بلوائے
از بیخ وبن برکندند یا کہ از توپ پرانیدند در دایرہ شاہ محمد اجمل
مفتی اسد اللہ تشریف میدارند یا کہ بجونپور مقیم شدند موی
الیہ قاضی عدالت نصرانیہ بودند وحالا از سرکار علوفہ می یابند

کیونکہ اگر وصیت میں کسی وارث حق دار کو اسکے ارث سے محروم کیا گیا ہے
تو اسکا اعلان بذریعہ وصی ضروری ہے حدیث وفقہ کی کتابیں مسائل
ارث وعقوق سے لبریز ہیں اور قرآن مجید بھی شاہد ہے عقوق کا مسئلہ
خدمت میں استاذ الاستاذ رئیس المفسرین مولانا شاہ عبد العزیز صاحب
قدس سرہ کے پیش ہوا تھا بندہ نے جو کچھ تحریر کیا اسی سے ماخوذ ہے آجکل
مولوی سید عبد العزیز صمدنی صاحب نے اسکو بہت بسط ووضاحت
کے ساتھ لکھا ہے عرب وعجم کے علماء نے تعریف کی ہے اور اپنی اپنی
مہر ودستخط سے وہ فتوا مزین کیا ہے مولوی صاحب ممدوح قصبہ گھاتم پور علاقہ
کانپور میں تشریف رکھتے ہیں اگر آپکی خواہش ہو تو ان سے وہ نقل حاصل کرسکتے ہیں والسلام خیر الختام

اٹھتر واں خط

اپنی طالبعلمی کا کچھ حال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز سید محمد نذیر حسین بہ خدمت شریف عزیز العلماء مولوی عبد العزیز
رضوی صمدنی اللہ تعالیٰ سلامت رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
کے واضح ہو آپکی تحریر سے معلوم ہوا کہ ضلع آلہ آباد میں بذریعہ تبدیلی آپ
کے پہونچے بہت مناسب ہوا کنارے جمنا کے ایک مسجد ہے کہ طالبعلمی کے
زمانہ میں کچھ دن میں وہاں رہا تھا اور مولوی زین العابدین صاحب مرحوم
مغفور سے حصول استفادہ میں سرگرم تھا دائرہ کے چند ہم درس اصحاب
سے مذاکرہ علمی میں انتہا درجہ کی کشیدگی ہوتی تھی جب آپ اس طرف
سے گزریں تو حالت مسجد ضرور معائنہ کریں سنا ہے کہ غدر کے زمانہ میں مسجد
بنیاد سے کھودی گئی یا توپ سے وہ اڑائی گئی شاہ محمد اجمل صاحب کے دائرہ میں
مفتی اسد اللہ صاحب تشریف رکھتے ہیں یا جونپور تشریف لے گئے مفتی
صاحب ممدوح قاضی عدالت گورنمنٹ تھے اب گورنمنٹ سے انکو

سو سونا اٹھارہ روپے (۱۸) آٹھ ورکا بازار سے خرید اگیا ہے بہت اچھا ہے اگر منظور خاطر مبارک ہو اطلاع بخشیں فوراً طیار کرادی جاویگی زیادہ حد ادب برادرم مولوی عبد الرزاق صاحب وعبد الحفیظ وعبد الحکیم وبی بی فضلاً ووصلاً ودیگر اقارب واحباب کو درجہ بدرجہ دعا وسلام پہونچے اور ادنی قیمت دو چپاکلی کی ساٹھ (۶۰) روپے ہیں اور زیادہ کی کچھ حد نہیں اور دانہ اسکے تیس (۳۰) بتیس (۳۲) ہوتے ہیں آیندہ جیسا ارشاد ہو ویسا عمل میں آوے گا ۔ جناب میانصاحب قبلہ لودھیانہ تشریف لیگئے ہیں مکان پر نہیں ہیں ۔

از جانب کمترین خادمان ۔ میر شاہجہان ۔ بعد ادائے آداب عرض اینکہ ظاہراً تو سناروں کے وعدہ کا اعتبار نہیں تاہم یقین ہے کہ پندرہ یوم میں بنجاویگی اور سونا پیشتر تو ازبس گران ہو گیا تھا یعنی فی تولہ تین روپے زیادہ ہوگئے اب بباعث قحط گرا نہیں کچھ کچھ تخفیف ہے جو وقت ارشاد ہو گا تعمیل کیجاویگی سب کی طرف سے آداب تسلیم سب کی خدمت میں پہونچے

مکتوب (۶)

ادائے قرضہ وتعمیر مدرسہ حضرت میانصاحب (۷)

بحضور فیضگنجور حضرت عموی صاحب دجناب مولوی سید محمد توسل حسین صاحب برادر حقیقی حضرت میانصاحب قبلہ من ملاّت بعد تسلیم گذارش خدمت عالی یہ ہے کہ نوازشنامہ مرسلہ حضور مورخہ بست وہفتم شہر حال شرف ورود فرمایا مضمون مافیہ سے اطلاع پائی بفضلہ تعالی یہاں بہمہ وجوہ جملہ خورد وکلان مقرون بخیریت ہیں اور خیر وعافیت مزاج اقدس مدام مطلوب پہلے اسے ایک قطعہ عریضہ خدمت مبارک میں ترسیل کر چکا ہوں یقین ہے کہ ملاحظہ انور سے گذرا ہو گا اب پھر التماس ہے کہ قرضہ حضور کا ادا کیا گیا اور حافظ نور الدین سے رقعہ واپس لیکر پہلے عریضہ کے ہمراہ روانہ کر دیا ہے اب کسیکا ایک حبہ باقی نہیں رہا جناب میانصاحب قبلہ خیریت سے ہیں باقی سب اہل بیت خوش ہیں آپکے سلامتی ہمیشہ چاہتے ہیں اکثر مدرسہ کی تشویش میں رہتا ہوں کل ضلع طیار ہوگئے اب گچ کا کام باقی ہے سب کی طرف سے حضرت کو آداب وتسلیم پذیرا ہو برادرم مولوی محمد عبد الرزاق صاحب کو معہ بال بچوں کے سلام ودعا پہونچے ۔ زیادہ حد ادب ۔ مدرسہ میانصاحب ملحق دار المطالعہ نذیریہ عامہ ابتک موجود ہے

مکتوب (۷)

تعزیت

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ازعاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف سید صاحب والامراتب جناب میر عنایت حسین صاحب زاد لطفہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مکشوف خاطر عاطر ہو کہ نوازشنامہ آپکا معہ دو قطعہ سوال پہونچا حال مرحومہ مغفورہ کی رحلت کا معلوم ہونے سے کمال رنج ہوا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ غفر اللہ تعالیٰ لمیتک وتجاوز عنہا وتغمدہا برحمتہ ورزقک الصبر علی مصیبتہا واجر علی موتہا اِنَّ لِلّٰهِ ما اخذ ولہ ما اعطی وکل شیئ عندہ باجل مسمی فلتصبر ولتحتسب اور مسئلہ مطلوبہ کو ہمراہ اسکے ترسیل خدمت والا کرتا ہوں اور نیز پہلے ایک استفتا روانہ کر چکا ہوں امید ہے کہ وہ پہونچا ہو گا سب کو سلام علیکم فرما دیجیے گا والسلام خیر الختام

از تشریف حسین و عبد السلام و ابو الحسن و تلطف حسین بخدمت فیضدرجت آداب و تسلیم ممنون قبول باد۔

مکتوب (۸)
ختم بخاری شریف

بخدمت شریف جناب عمی صاحب مخدوم مکرم معظم دام مجدہ۔ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ مکشوف خیر والا ہو کہ خط جناب بابو ممتاز الحق صاحب مونگیری کا معہ تحریر حضور فیضگنجور کے پہونچا فقیر کو آپ کے حکم و نیز جناب بابو صاحب کے حکم کی تعمیل میں ہرگز ہرگز عذر نہیں ہے اپنی ذات خاص سے دعا ہر وقت کرتا ہوں اور ختم بخاری شریف کا شروع کروا دیا ہے اطمینان خاطر والا فرماوین مگر اس ختم کا دستور ہے کہ ختم کے وقت پڑھنے والوں کو خوش کیا کرتے ہیں اور عمدہ کھانا کھلاتے ہیں پھر توجہ سے دعا کرتے ہیں الغرض اپنے پاس سے بالفعل خرچ کروں گا اور ختم پورا کیا جاوے گا جناب مولوی جانعلی صاحب کی علالت سے سنکر طبیعت کو رنج ہوا خدا شفا دینے والا ہے فقیر کی اور سب کی طرف سے طبیعت کا حال دریافت فرماویں اور اطلاع بخشیں جناب میانصاحب قبلہ دام فیضہ اچھی طرح ہیں درس و تدریس میں مشغول و مصروف رہتے ہیں سب کا آداب و سلام بخدمت حضور فیضگنجور و جناب چچی صاحبہ مدظلہا و برادر مولوی محمد عبد الرزاق صاحب و مولوی محمد ایوب صاحب و برخورداران محمد عبد الحکیم و عبد الحفیظ وغیر ذالک قبول ہو۔

مکتوب (۹)
علالت حضرت میانصاحب رح

اما بعد بخدمت فیضدرجت جناب عمو صاحب مخدوم مکرم دام مجدکم بعد تسلیم مسنون ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ مکشوف خاطر والا ہو کہ عرصہ دراز کے بعد نوازشنامہ فیض گنجور کا شرف ورود ہوا خیر و عافیت وہاں کی معلوم ہوئی فللہ الحمد یہاں سب خیریت سے ہیں الا جناب والد صاحب دام فیضہ دو روز سے علیل بعارضہ درد پسلی ہیں انشاء اللہ العزیز بعد رفع قبض صحت حاصل ہوجاویگی آپ دعا فرماتے رہیں اور مدام سب لوگ آپ کے دیدار و زیارت کے مشتاق رہتے ہیں آپ نے سابق میں ارقام فرمایا تھا کہ چیت میں دہلی پہونچوں گا مگر آپ تشریف نہ لائے۔ اور شادی برخوردار محمد عبد السلام کی عنقریب ہوگی آپ کو وقت پر ضرور اطلاع دوں گا بلا اطلاع شادی برخوردار کی غیر ممکن ہے کیونکہ بغیر شرکت جناب میرے بزرگ ایک عقد ہوں تو اس شادی کا حظ کیا ہے آپکی دعا کا خواستگار ہوں اللہ تعالی انجام بخیر کرے اور مسئلہ مطلوبہ کا جواب یہ ہے کہ ترمذی میں یہ حدیث مرفوع آئی ہے کہ عن جابرؓ قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی اصحابہ فقرأ علیہم سورۃ الرحمٰن من اولہا الی آخرہا فسکتوا فقال لقد قرأتہا علی الجن لیلۃ الجن فکانوا احسن مردودا منکم کنت کلما اتیت علی قولہ فبای آلاء ربکما تکذبان قالوا لا بشیء من نعمک ربنا نکذب فلک الحمد رواہ الترمذی اس سے صاف ظاہر ہے کہ جواب مذکور سامع پر ہے و قاری پر خواہ نماز کے اندر ہو یا باہر اور جواب کا دینا سنت ہے اور ثواب میں اسکے کسی طرح کا شک نہیں ہے اور عرب صاحب حدیث شریف سے اطلاع نہیں رکھتے ہیں سنے سنائے پر ان کا عمل ہے مولوی عبد الرزاق صاحب کو خدا تعالی صحت عنایت فرما دے آپکی دعا انکے حق میں اکسیر اعظم ہے انشاء اللہ صحت حاصل ہوگی

زیادہ التسلیم مع التکریم بخدمت جناب چچی صاحبہ مدظلہا آداب و برادران محمد عبد الحفیظ و محمد عبد الحکیم و مولوی محمد عبد الرزاق صاحب و مولوی محمد ایوب صاحب سلام علیکم و الدعا موصول ہو ــ فقط ــ

مکتوب ۱۰
تعزیت نامہ

بخدمت شریف حضرت عموی صاحب مخدومی مکرمی مدظلہا بعد تسلیم نیاز معروض خدمت والا یہ ہے کہ برادرم مولوی محمد ایوب صاحب کا خط پہنچا حال معلوم ہوا الا ہمشیرہ عزیزہ مرحومہ مغفورہ کے انتقال کی خبر معلوم ہونے سے نہایت سب کو رنج والم لاحق ہوا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن غفر اللہ تعالی لمیتتک و تجاوز عنہا و تغمدہا برحمتہ و رزقک الصبر علی مصیبتہ و اجرک علی موتہ اِنَّ لِلّٰہِ مَا اَخَذَ وَلَہٗ مَا اَعْطٰی وَکُلُّ شَیْءٍ بِاَجَلٍ مُّسَمًّی فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ اور حویلی میں سب کی طرف سے بعد تسلیم کے تعزیت کیجئیگا اور سب تسلیم عرض کرتے ہیں اور آپ کے دیدار مبارک کے مشتاق ہیں یہاں سب خیریت سے ہیں زیادہ ما وجب العاجز شریف حسین الدھلوی عفی عنہ روز چہار شنبہ

مکتوب ۱۱
علالت حضرت میاں صاحب رحمہ اللہ

بخدمت فیضدرجت حضرت عموی صاحب مخدوم مکرم بندہ مدظلہ۔ بعد تسلیم مسنون گزارش خدمت والا یہ ہے کہ نوازشنامہ حضور کا شرف ورود ہوا مضامین سے اسکے اطلاع پائی خداوند کریم ہمشیرہ عزیزہ کو جلد صحت عطا فرماوے اور ہمیشہ یہ عاجز دعا کرتا ہے خدا تعالی قبول فرماوے جس وقت خط آپ کا پہونچا اسیوقت جناب میاں صاحب مدظلہ کو ملاحظہ کروادیا طبیعت جناب کی بسبب ضعف و تکلیف سفر کے اچھی نہیں فرصت کے وقت انشاء اللہ خط لکھیں گے۔ اطمینان فرماویں باقی خیریت ہے سب صاحبوں کو درجہ بدرجہ آداب و سلام فرمادیجئے گا اور حویلی میں تسلیم سب کی طرف سے زیادہ حد ادب۔ مکرر عرض یہ ہے کہ بعد صحت ہمشیرہ مدعمرہا کے ضرور بالضرور تشریف فرما ہوں دیدار کے سب مشتاق ہیں والد صاحب مدظلہ کا سلام و دعا فرمادیجئے گا۔ باقی ما وجب

مکتوب ۱۲
بواپسی حج بیت اللہ شریف حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تحریر خاص اقدم مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم خلف علامہ مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

بجناب فیضمآب حضرت عموی صاحب والامراتب مخدوم مکرم زاد مجدہ بعد تسلیم مسنون ملتمس ہوں کہ یہاں بہمہ وجوہ خیریت ہے اور خیر و عافیت جناب کی مدام چاہتا ہوں گزارش خدمت والا یہ ہے کہ جناب والد صاحب مخدوم بندہ سہ شنبہ کو بمبئی تشریف لائے اور داخل ہوئے اور آج تک وہیں مقیم ہیں امید ہے کہ بعد نماز جمعہ وہاں سے روانہ ہوں تار بمبئی سے آیا تھا چلنے کے وقت پھر انشاء اللہ آوے گا لہذا اطلاعاً گزارش کی گئی زیادہ ما وجب فقط

العاجز:۔

فقیر شریف حسین الدہلوی

عفی عنہ

درحال تشریف آوری جناب حضرت میاں صاحب و شرکت بارات پسر بابو عشرت حسین صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً مصلیاً

جناب داروغہ صاحب معدن الجود والکرم نوازش فرمائے ام زاد عنایتہ بعد ہدیہ سلام مسنون و تمنائے ملاقات بہجت مشحون بخصلاصہ مضمون میگرایم۔ للہ الحمد کہ اینجانب الی الآن مقرون خیریت بودہ خواہان عوافی مزاج گرامی بدرگش میباشم آمدم بمطلب اینکہ بتقریب انجام شادی پسر بابو سید عشرت حسین صاحب ساکن علیگر کہ از قرابت داران اینجانب ہستند جناب حضرت مولانا بالفضل اولنا سید محمد نذیر حسین صاحب قبلہ دام ظلہ از دہلی رونق افروز خواہند شد و بتاریخ نہم شہر ہذا روز جمعہ روانگی بارات بموضع مرجا کہ از دختر راجہ نومسلم عبد الرحمن صاحب میشود خواہد شد و اینجانب ہمرکاب جناب حضرت مولانا صاحب دام ظلہ در بارات خواہیم رفت لیکن بندوبست سواری در ینجا نمیگردد بنا بر تکلیف دہ خدمت شریف ام کہ شانزدہ نفر کہاران دو پالکی بہر طوریکہ شدن تواند پیادہ تعینات کردہ ہمہ کنانیدہ بروز جمعہ اول وقت روانہ فرمایند و بصورت عدم بہم آوری کہاران شانزدہ نفر ہشت نفر ضرور یک پالکی و یک راس اسپ مادہ از زمینداران پرگنہ اسلے پور کہ اکثر ذی مقدور اند برائے سہ چہار روز کہ قدم روا از براہ کرم فرمائے خود عاریت گرفتہ عنایت فرمایند بظہور این معنی ممنون احسان بے پایان جناب خواہم ماند و گاہے بکدامی

مکتوب ۱۳

جناب حضرت میانصاحب رحمۃ اللہ کا بابو عشرت حسین صاحب کے بیٹے کی بارات میں تشریف لیجانا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً مصلیاً

جناب داروغہ صاحب سخاوت و بخشش کی کان بہترین مہربانی فرمانیوالے زیادہ ہو آپکی مہربانی بعد ہدیہ سلام مسنون واز دیاد ملاقات بھری ہوئی خوشی کے خلاصہ مقصد کی طرف رجوع کرتا ہوں اللہ کا شکر ہے کہ میں ابتک شامل خیریت کے رہکر مزاج گرامی کے خیریت کا خواستگار درگاہ باری سے رہتا ہوں تقریب شادی صاحبزادہ بابو سید عشرت حسین صاحب ساکن علینگر جوکہ میرے قرابت داروں سے ہیں جناب حضرت مولانا بالفضل اولٰنا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب قبلہ دام ظلہ دہلی سے رونق افروز ہونگے اور اس مہینے کی تاریخ نویں روز جمعہ کو بارات موضع مرچا جائیگی اور شادی راجہ عبد الرحمٰن نو مسلم کی لڑکی سے ہوگی۔ میں ہمراہ جناب حضرت مولانا صاحب دام ظلہ کے بارات میں جاؤں گا لیکن سواری کا بندوبست یہاں نہیں ہوتا ہے اسلئے آپکو تکلیف دیتا ہوں کہ سولہ نفر کہار و پینس کیواسطے جس طریق سے کہ ممکن ہو آدمی حصل کرکے دن جمعہ کو اول وقت روانہ فرماویں اور عدم دستیابی پر سولہ نفر کہاران کے آٹھ نفر کہار ضرور بالضرور مع پینس و ایک راس گھوڑی رواز چلنے والی تین چار روز کے واسطے زمینداران اچھے پور سے عاریتاً لیکر عنایت فرماویں آپ کے اس احسان کا بیحد ممنون ہوں گا میں نے ابتک کسی کام کیواسطے تکلیف نہیں دی ہے اور مبلغ پانچروپئے

الرزاق مرحوم و سید محمد عبد الحفیظ صاحب و سید محمد عبد الحکیم مرحوم تھے۔

امرنا ابھولا تکلیف دہ نشدہ ام و مبلغ پنجروپیہ برائے
روغن زرد کہ وریں جا بہم نمی آید بنجیال تشریف آوری
مولانا صاحب دام ظلہٗ مبیفرستم متر صدکرم فرمائے ام
کہ ازراہ وفور مہربانی از پرگنہ خرید کنانیدہ لطف فرمایند
آئندہ متر صد مہربانی ہستم والسلام محررہ دویم شہر
شعبان المعظم روز جمعہ ۱۳ھ ہجری۔
رقیمہ توسل حسین عفااللہ عنہ متمقام سورجگڈھ

روغن زرد کیواسطے کہ آجکل یہاں دستیاب نہیں ہوتا ہے بخیال تشریف
آوری مولانا صاحب دام ظلہٗ کے ارسال کرتاہوں امید کمال مہربانی کا
آپکے رکھتاہوں کہ پرگنہ سے خرید کراکر مرحمت فرماویں گے آئندہ امیدوار
مہربانی کا ہوں والسلام مورخہ ۲ر شعبان المعظم یوم جمعہ ۱۳ھ
ہجری۔ رقیمہ توسل حسین عفااللہ عنہ متمقام سورجگڈھ۔
بابو عشرت حسین صاحب جناب حضرت میانصاحبؒ کے بہنوئی تھے یعنے
میری بہن ان سے بیاہی ہوئی تھیں۔

مکتوب (۱۴)

ڈاکٹر سید محمد عبدالحکیم صاحب برادرزادہ حضرت میانصاحبؒ

۲۲ر مارچ ۱۹۲۵ء روز شنبہ — از مولانگر قصبہ سورجگڈھ ضلع مونگیر

عزیز کونین سعید دارین عزیزی مولوی سید عبدالرؤف صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد سلام علیک کے واضح ہو۔ کہ لفافہ آپکا بعین عالمت انتظار کے وصول ہوکر احوال مندرجہ سے اسکے آگاہی ہوئی۔ اور آپکی یادآوری کا شکریہ ادا کرتاہوں حسب طلب آپ کے جناب حضرت میانصاحب قبلہ مرحوم کے خطوط اور جناب بھائی مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم کے خطوط اور ایک شجرہ سلف کا روانہ کرتاہوں امید کہ رسید سے مطلع کرکے ممنون و مشکور کریں گے میاں صاحب قبلہ مرحوم کے تیرہ ۱۳ خطوط ہیں دو لفافہ کے اندر ہیں لفافہ خود جناب میانصاحب کے دست مبارک کا لکھا ہوا ہے۔ اور بقیہ چھ لفافہ اور ایک پوسٹ کارڈ بھائی شریف حسین صاحب مرحوم کا ہے۔ یہ بہت پرانا خط ہے۔ میانصاحبؒ نے قصبہ سورجگڈھ و مولانگر کے کل لوگوں کو ایک خط میں نام بنام سلام لکھا ہے اور اسیطرح سے سب کو چھپوانا۔ اور ایک شجرہ ہے انشاءاللہ تعالیٰ بعد رمضان شریف کے کلکتہ روانہ ہوں گا۔ اگر میانصاحبؒ کے کوئی شاگرد کلکتہ میں ہوں تو ان کا نام لکھکر بھیجدیجئے۔ الحمدللہ یہاں خیریت ہے اور خیریت سے اپنی اور اپنے وابستگان کی خیریت سے مطلع کرکے رفع تعلق کریں گے زیادہ والسلام فقط الراقم عاجز محمد عبدالحکیم عفی عنہ ۱۹ر رمضان شریف روز پنجشنبہ

مکتوب (۱۵)

جناب محمد شاہ صاحب بخاری ڈپٹی کنٹرولر آل انڈیا ریڈیو ۲ پرتھی راج روڈ نیو دہلی

۸ر نومبر — سفارشنامہ گرامی — عالیجناب حفیظ نستر بہادر ۱۹۴۰ء

مائی ڈیر بشیر سلام مسنون۔ مولانا سید محمد عبدالرؤف صاحب سے تو آپ اچھی طرح واقف ہیں۔ اور یہ بھی آپ خوب جانتے ہیں کہ باوجود گوناگوں مالی مشکلات کے وہ علم اور دین کی کس طرح خدمت کررہے ہیں۔ ابھی حال ہی میں انہیں حضرت مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مکاتیب کا ایک نادر نسخہ دستیاب ہوا ہے۔ اور وہ چاہتے ہیں کہ خلق خدا

شجرہ بیعت حضرت میانصاحبؒ جن کو حضرت مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب مہاجر مکی نواسے حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز ...

کے فائدے اور بھلے کے لئے اسے چھپوا کر نشر کریں مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب ہندوستان کے عالم اجل اور محدثوں میں ان کا رتبہ بہت بلند ہے۔ ظاہر ہے کہ ان کے مکاتیب بھی رموز علم و غوامض دینیات و مذہب سے مملو ہوں گے۔ اور یہ مسلمانوں کی بے انتہا بدقسمتی ہوگی۔ اگر قلمی نسخے کے حصول کے بعد بھی وہ ان کے فیضان سے محروم رہ جاویں۔ مولانا سید عبد الرؤف صاحب پہلے ہی مدرسۂ بنات ملّت اور دیگر نیک کاموں کی وجہ سے مالی مشکلات میں مبتلا ہیں۔ اس لئے آپ اور آپ کے آقائے نامدار یعنی تاجدار رامپور کے کرم سے یہ بعید نہیں کہ ان کی دستگیری کریں۔ اور اس کار ثواب میں حصہ لیں۔ طباعت کا تخمینہ یہ خود آپ کی خدمت میں پیش کریں گے۔ جو میرے خیال میں بہت ہی قلیل ہے۔ اور آپ جیسے صاحب اقتدار و فراخ دل ہستیوں کے سامنے کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتا۔ ایسے کاموں کے لئے سفارش کی ضرورت نہیں۔ پھر بھی میں نے یہ دو حرف لکھ دیئے۔ تاکہ مزید تاکید کا کام دیں۔ اور آپ کے ساتھ میں بھی ثواب کا مستحق قرار پاؤں۔ خاکسار

بخاری

مکتوب (۱۶۱)

سفارش نامہ گرامی عالیمرتبت چیف منسٹر بہادر رامپور دام ظلہٗ

مولوی سید محمد زیدی صاحب سابق پروفیسر عربک کالج دہلی

حضرت عمدۃ الکرام سید الفخام رئیس الوزراء دام معالیکم۔

تسلیم مسنون۔ مولوی سید محمد عبد الرؤف صاحب اس مرتبہ مکاتیب حضرت میاں صاحب محدث دہلوی علیہ الرحمۃ چھپوانا چاہتے ہیں۔ تاکہ ذکر خیر اور یادگار سلف باقی رہے۔ اور یہ کام بغیر رؤسا۔ انجام پذیر ہونا مشکل ہے۔ دربار رامپور ہمیشہ ایسے امور کا کفیل رہا ہے۔ امید ہے کہ آپ ضرور اس سمت بھی توجہ فرما کر مخلوق منت بے پایاں فرمائیں۔ یہ مفید اور ضروری چیز ہے۔ اگر یہ طبع ہوگئی تو مسلمانوں کی گردن پر ایک احسان رہیگا۔ اور دعائے خیر سے یاد کریں گے۔ احقر السید محمد

مکتوب (۱۶۲)

حضرت خواجہ حسن نظامی دہلوی مدیر اخبار منادی سفارش نامہ گرامی عالیمرتبت جناب سید بشیر حسین صاحب زیدی چیف منسٹر بہادر رامپور دام اقبالہٗ

مخلص نواز زیدی صاحب۔ سلام علیکم۔ مولانا سید محمد عبد الرؤف صاحب بانیٔ نذیریہ پبلک لائبریری اور نذیریہ مسلم گرلز اسکول کے جو حضرت مولانا مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم و مغفور خلف الرشید شمس العلما حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات نذیریہ شائع کرانا چاہتے ہیں۔ میں نے وہ مکاتیب دیکھے ہیں اور وہ ہر اعتبار سے شائع ہونے کے قابل ہیں اگرچہ میں غیر مقلد نہیں ہوں مگر حضرت مولانا مرحوم و مغفور سے میں نے حدیث شریف کا ایک سبق پڑھا تھا اس لئے میں ان مکاتیب کی تائید میں یہ سفارش نامہ لکھتا ہوں سرکار سے عرض کیجئے کہ اس کار خیر میں جو کچھ مدد ہوگی تو عام

۱؎ مرتبت جناب سید بشیر حسین صاحب زیدی چیف منسٹر بہادر رامپور نے طباعت مکاتیب نذیریہ کیلئے ایک سو روپے اسنے

حضرات اہلحدیث و تمام مسلمانان ممنون ہوں گے ۔ مخلص حسن نظامی ۔ درگاہ حضرت خواجہ نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ

نوٹ، حضرت خواجہ حسن نظامی صاحب موصوف نے شیخ الکل حضرت میانصاحب رحمۃ اللہ علیہ کی علمی فیاضی کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی تصانیف کتبخانہ نذیریہ عامہ کی سرپرستی فرمائی اور فرماتے رہتے ہیں اور اخبار منادی حضرت شائقین دارالمطالعہ نذیریہ عامہ کی بھی سرپرستی فرماتے رہتے ہیں

مکتوب ۱۸۰

تحقیق مستدرک حاکم از حضرت میانصاحب رحمۃ اللہ علیہ مکتوب آنریبل جناب ڈاکٹر سید احمد خانصاحب بہادر سی۔ ایس۔ آئی مرحوم و مغفور بانی محمدن کالج علیگڈھ

عزیزی خواجہ مصلح الدین

ایک حدیث مُستدرک حاکم کی علیحدہ کاغذ پر نقل کرکے ملفوف ہے مستدرک حاکم ہمارے پاس نہیں ہے ۔ تم مہربانی سے جناب مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب کے پاس جاؤ اور میری طرف سے سلام علیک کہو ۔ انکے پاس مُستدرک حاکم کی ہوگی اسکو دیکھ کر اسی کاغذ ملفوف پر لکھ دو کہ اسکے راوی کون کون ہیں ۔ اور نیز جو عبارت کاغذ ملفوفہ میں ہے اسکا مقابلہ کر لو اس میں غلطی تو نہیں ہے اور جس قدر جلد ممکن ہو اس کاغذ کو میرے پاس واپس بھیجدو اور بیرنگ لفافہ میں بھیجنا تاکہ احتمال تلف ہونیکا نہو والسلام

۱۳ ر اگست ۱۸۹۶ء

خاکسار

سید احمد

علی گڈھ

نوٹ :۔ جناب خواجہ مصلح الدین خانصاحب مرحوم و مغفور جو سر سید مرحوم کے عزیز تھے انہوں نے ایک قطعہ خط سر سید مرحوم کے قلم مبارک کا لکھا ہوا بغرض اشاعت مکاتیب نذیریہ نمبر ۲ مجھ ناچیز کو مرحمت فرماکر مشکور فرمایا اور فرماتے تھے کہ سر سید مرحوم کے خطوط تحقیق تفاسیر قرآن مجید و احادیث نبوی کے متعلق بکثرت خطوط حضرت میانصاحب فردوس مکان کے ملاحظہ انور میں پیش کرنیکی سعادت میرے سپرد تھی اور پانچ روپیہ کرایہ آمد و رفت علیگڈھ سے دہلی تک کا مجھے ملتا تھا کبھی تو بہت جلد جواب ملجاتا تھا اور کبھی حضرت میانصاحب رحمۃ اللہ علیہ جواب میں تاخیر فرماتے تو مجھے توقف کرنا پڑتا تھا ایک روز جناب خواجہ مصلح الدین خانصاحب نے سر سید رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا کہ مجھے آپ کی ایسی دینی خدمت کے لئے کسی طرح کا عذر نہیں بلکہ میرے لئے تو عین سعادت دارین اور باعث فخر ہے لیکن آپ کبھی حضرت میانصاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں تشریف لیجانیکی تکلیف کیوں نہیں گوارا فرماتے ۔ سر سید مرحوم و مغفور نے فرمایا کہ میں تو اپنے موجودہ حضرات علماء کے نزدیک نیچری مشہور ہوں لیکن حضرت میاں صاحب میری وجہ سے کیوں بدنام و مطعون ہوں میں اور حضرت میاں صاحب دو قالب اور ایک جان ہیں انکے احسانات علمی کا ہمیشہ مشکور ہوں اور رہوں گا ۔ خواجہ مصلح الدین خانصاحب اپنے زمانہ کے زندہ تاریخ تھے اور حضرت میانصاحب رحمۃ اللہ اور ان کے خاندان کے ساتھ بیحد خلوص اور محبت رکھتے تھے اور علماء کی خدمت کرتے تھے جناب مولوی محمد اسحاق صاحب عالم متبحر رامپوری آپ کے ہی مکان پر تا حیات رہے اور وہاں درس تدریس کی خدمت فرماتے تھے اور مدرسہ میانصاحب رحمۃ اللہ علیہ کی طلباء کی ایک عرصہ تک علمی خدمت فرماتے رہے شاگرد تو بہت تھے لیکن قابل ذکر جناب مولانا سید محمد حامد علی صاحب مرحوم و مغفور اور مولوی سید محمد عبدالسلام صاحب مرحوم و جناب مولوی سید ابو الحسن صاحب مرحوم و مغفور و مولوی نبیرہ حضرت میانصاحب رحمہ اللہ اور خواجہ مصلح الدین خانصاحب

خداداند و ایمانم

کہ مرا از خودستائی و تفاخر گرانی خاطر و کراہتِ جانی کہ ہست اندازہ و توضیحش از زبانم و از زبان خامہ ام نتواں شد چہ کہ مقدارش فراواں و غیر محدود است و نہ منشاء مرکوز است کہ در صدر نشینان سخنوراں بے ہمتا و جادو بیانان یکتا شمارم آید زیرا چہ از من ایں بالا روی را نسبتے نیست مرا اینہم منزلتے و رتبتے نہ بخشیدہ اند کہ در صف نعال سخن آفرینان جا یابم و از مذاکرۂ شعراء شیوا زبان مسامع خود را قوتے بخشم - پس در راہے کہ اینچنیں خلاش باشد - و ہم خلاشان جان و ایمان سدراہ شدہ قطع الطریق نمایند رفتن بے سود و نمود مزخرف خواہد بود - چہ جائیکہ ہرزہ درائی و بادہ سرائی خویش را بتوقع مہر گستری پیش کنم - الا دانائے نیک میداند ہر چہ از اخلاص و گرویدگی خاص گفتہ آید در قلب جای یابد - فلہذا چند اشعار کہ بروز انابت و بیعت حریفہ بحضور فیض معمور امیر المومنین فی الحدیث شیخنا و شیخ الکل فی الکل نورِ طریقہ نور شریعۃ ادام اللہ و واہمہم خواندم و حضرۃ ممدوح الیہ بمنشاء قدردانی و کمترین پروری پسندیدہ تحسینش فرمودند و جبہ و سرم بوسیدند و حضار حاشیہ نشینان مجلس ہمایوں ندائے آفریں و صد آفریں زدند ایں صلہ از ہزار صلاتِ دنیوی بیش بہاست چرا کہ ہر چہ گفتم کہ دراں شائبہ تکلف و تصلف را دخلے نیست و نہ استعارات شعر را جا دادہ ام

میرے ایمان کا حال خدا بہتر جانتا ہی

فخر و خودستائی سے جسقدر نفرت و کراہت مجھے ہے اندازہ اسکا میری زبان و میرے قلم سے ہو نہیں سکتا کیونکہ اس کی اصناف و مقدار غیر محدود ہیں اور نہ مجھے خواہش و تمنا ہے کہ صاحبان سخن عالی مرتبہ بے مثل و جادو بیاں یکتا میں شمار کیا جاؤں - مجھے اس بلند پروازی سے کوئی نسبت نہیں ہے نہ میرا ایسا رتبہ ہے کہ صف نعال میں سخنوراں کے جگہ پاؤں اور مذاکرہ سے شعراء تیز زبان کے اپنے کانوں کو مانوس کروں بس جس راستہ میں کہ اس قسم کا روڑا اور دلدل ہو و دشمنان جان و ایمان بھی مانع راہ ہوکر رہ زنی کریں وہاں جانا بے فائدہ و بیہودہ ہوگا - کیونکہ جہاں بیہودہ گوئی و یادہ سرائی ہو وہاں اپنے کو بامید اتحاد و اخلاص پیش کرنا خلاف دانش ہے - عقلمند بہتر جانتے ہیں کہ جو کچھ خلوص و ہمدردی خاص سے کہا جاتا ہے وہ قلب کے اندر جگہ پاتا ہے اسلئے چند اشعار توبہ و بیعت کے روز حضور فیض گنجور امیر المومنین فی الحدیث شیخنا و شیخ الکل فی حضرت میانصاحب رحمۃ اللہ علیہ نور طریقت و شریعت ادام اللہ و واہمہم کی خدمت بابرکات میں پڑھے جن کو حضرت ممدوح الیہ نے بخیال قدردانی و بندہ نوازی کے پسند فرماکر تعریف و تحسین فرمائی اور پیشانی و سر کو میرے بوسہ دیا و حاضرین حاشیہ نشینان مجلس نے صدائے آفریں بلند کی یہ صلہ ہزار صلات دنیوی سے بیش قیمت ہے کیونکہ جو کچھ کہ میں نے کہا اس میں تکلف و لاف یعنی دعوے کی آمیزش نہیں ہے نہ استعارات شعر کو دخل دیا -

قصیدہ در باب بیعت از جناب بہادر مولوی سید محمد عبد العزیز صاحب رضوی مدوّن مکاتیب نذیریہ

حضرت میانصاحب رحمہ اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمود خدائے عالم آرا
خداوند جہاں آفریں نے فرمایا
باید کہ بقدر وسع امکاں
بقدر قوت وامکان کے ضرور ہے
گیرید بجزم و اخلاص
عزم وخلوص دلی سے لیلو
احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ براہ مہر و رافت
راہ لطف وکرم سے احمد مجتبٰی نے
بر سر نہید و دور باشید
اسکو سر پر رکھو اور دور رہو
برعکس ادا امر و نواہی
نصوص قطعی کے خلاف
ہر کس کہ رہ خلاف رفتہ
جس کسی نے خلاف راہ اختیار کی
تحقیق نما بکن تجسس
تحقیق کرو اور جستجو کرو
کن جہد کہ اجتہاد ہرگز
کوشش کرو کہ فن اجتہاد
ہر کس کہ نصوص دین بداند
جو شخص کہ نصوص دین کو جانتا ہو
مفتی کہ بروئے نص شرعی
جو مفتی کہ نص شرعی کے رو سے
امرش ہمہ خلق در پذیرد
اسکا حکم سارے خلائق قبول کریں

شدہ بامم نمی کنم گوارا
امت کی تکلیف میں نہیں گوارا کرتا ہوں
انجام دہید امر ما را
کہ میرے حکم کو بجا لاؤ
دادیم ہر آنچہ مصطفٰے را صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کچھ کہ میں نے مصطفٰے صلعم کو دیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فرمود خطابہا شمارا
تمکو ارشاد فرمایا وخطاب کیا
از زیغ قیاس وظن آرا
قیاس وظن ورائے کی کجی سے
گا ہے نہ نشوید مجلس آرا
تم کبھی مجلس آراستہ نہ کرو
بنمود تباہ مدعا را
اپنے مدعا کو تباہ وبرباد کیا
بردار تو پردۂ خفا را
پوشیدگی کے پردہ کو اٹھا دو
دادند نہ صاحب تبارا
صرف حصہ مجتہدین کا نہیں تھا
زیبا شدہ منصب قضا را
وہ منصب قضی کیواسطے حق دار ہے
فتوی بدہد اگر خدا را
اگر فتوے دے خدا کیواسطے
دخلے نبود در آں ریا را
ایسے آدمی پر ریاکاری کا گمان نہیں

اقوال مخالف رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

گردید نہ اجتہاد مفقود
اجتہاد مفقود نہیں ہوا ہے
معدوم نشد حدیث احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نابید ہوئی حدیث نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
نعمان رض کہ سر آمد زماں بد
حضرت نعمان رض کہ سردار زمانہ تھے
یابید اگر حدیث احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر حدیث احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاؤ
مالک رض کہ بفقہ بود مالک
امام مالک رض کہ فقہ کے مالک تھے
ہرگز مکنید ترک سنت
ہرگز ترک سنت نہ کرو
فرمود نذیر نیک بشنو
سیدنا محمد نذیر حسین رح نے فرمایا
بر صدق وصفا کمر ببندید
سچائی وصفائی پر کمربستہ رہو
بر حکم رسول جاں نثارید
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم پر قربان ہو جاؤ
بدعت کہ ہمی برد بدوزخ
بدعت اہل بدعت کو دوزخ میں لیجاتی ہے
وقتیکہ نصوص پیش آید
جسوقت تمکو نص قطعی مل جائے
برباد کنید باغ بدعت
بدعت کے باغ کو جڑ سے اکھاڑ دو

بینید طریق مرتضٰے را صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا طریقہ حضرت علی مرتضٰی کا نہ دیکھتے ہو
جوئید صحاح مجتبٰے را صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تلاش کرو صحاح مجتبٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں
بگذشت گروہ اتقیا را
دینداروں کی جماعت کو فرما گئے ہیں
بر خاک زنید قولہا را
تمامی اقوال کو میرے چھوڑ دو
فرمود خطاب آشکارا
کھلے لفظوں میں اظہار فرمایا
گرچہ بزنند چوب وخارا
اگرچہ کوئی تمکو لکڑی وپتھر سے مارے
اندرز کہ می کنم شمارا
تمکو جو پند ونصیحت کرتا ہوں خوب سنو
در قلب نہ جا بود دغا را
جھوٹ ودغا کو دل میں جگہ نہ دو
گیرید متاع اتقیا را
پرہیزگاروں کے سرمایہ کو لیلو
اللہ نہ پسند اریا را
اللہ والوں کو بدعت پسند نہیں ہے
پروا مکنید ماورا را
تو نص کے ہوتے ہوئے کسیکی پروا نہ کرو
ترسے مکنید ماسوا را
اس کام میں کسی سے خوف نہ کرو

خواہید اگر شریعت و طریقت | گیرید طریق اصفیا را
اگر شریعت و طریقت دونوں محبوب خاطر ہو | تو طریقۂ سلف صالحین کا اختیار کرو
راہے کہ بود دراں نہ بدعت | بینید طریق اولیا را
جس راہ میں بدعت کا نام و نشان نہیں ہے | وہ راہ اولیا و اولین کی پاؤ گے
غالب بسنن نگشت بدعت | ترجیح ہمہ نشد سہا را
سنت پر بدعت غالب نہیں آسکتی | ماہتاب کی موجودگی میں ستارہ کی چمک نہیں ہوتی
باشید جدا ز نہی و منکر | گیرید نہ مال کم بہا را
نہی و منکر سے ہمیشہ دور رہو | ارزاں مال ہرگز نہ خرید کرو
برہم بزنید بزم آرا | گیرید شعار اصطفا را
رای و قیاس کی محفل کو رونق نہ دو | سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مستحکم پکڑو
ہرگز مروید راہ بدعت | گرچہ شکنند دست و پا را
بدعت کی راہ ہرگز نہ چلو | گرچہ تم پر کتنا ہی زور و ظلم ہو
باہم مشوید رزم فرما | ضائع مکنید زور و یارا
آپس میں جنگ و جدال مت کرو | اپنے زور و قوت کو بیفائدہ ضائع مکرو
اندرز عزیز را پذیرید
یارو عزیز کی نصیحت قبول کرو

اللہ و رسول ہرچہ گفتہ | فرضش شدہ انقیاد ما را
اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کچھ فرمایا ہے | مومنین پر اسکا بجالانا فرض ہے
گمرہ مشوید و نیک بینید | راہیکہ نمودہ شد شما را
گمراہی نہ اختیار کرو غور سے دیکھو | جو راستہ سنت کا تمکو دکھایا گیا ہے
کمبخت سیاہ روست ہر کہ | آزرد قلوب اصفیا را
بدبخت روسیاہ وہ شخص ہے | جس نے پیغمبر کے دل کو آزردہ کیا
بر طرز رسول و آل پاکش | واجب شدہ پیروی شما را
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل پاک کے طریقہ پر | چلنا تمکو فرض و واجب ہے
بخشید مرا نذیر نعمت | حاصل نشد آنکہ اغنیا را
مجھے سید محمد نذیر حسین صاحب نے نعمت عطا فرمائی ہے | وہ نعمت غنی لوگوں کو بھی حاصل نہیں ہوتی
دریوزہ گرم ولے بحالم | رشک و حسد است اسخیا را
فقیر ہوں ولیکن میری حالت پر | رشک و حسد ہے مالداروں کو
فرمود نذیر بامدادم | برگیر تو جادۂ تقا را
صبحدم سید محمد نذیر حسین صاحب نے مجھ سے فرمایا | راہ اہل تقوے کی پکڑ لے
آتش بزنید ما عدا را
ماسوا اسکے اور سبکو چولہے میں ڈالو

۵ وقتیکہ این اشعار بحضور فیض معمور مرشد برحق امیر المومنین فی الحدیث والتفسیر امام عصر مجدد مائۃ رابع عشر ناصر الدین سید محمد نذیر حسین تغمدہ اللہ بغفرانہ عرض کردم بکمال انبساط بارک اللہ فی عمرك واٰلك ومالك و جاهلك فرمودہ سر و جبہہ ام را بوسیدند و حضار مجلس را فرط سرور بود کہ متواتر بخاطر داشت عائد جلسہ خواندم دعاء حضرت اعلیٰ واقدس صد ہزاران ہزار است کہ کسی را نصیب نشد ۱۲

"عزیز"

۵ جو وقت یہ اشعار حضور فیض گنجور مرشد برحق امیر المومنین فی الحدیث والتفسیر امام عصر چودہ صدی کے مجدد قرآن مجید و حدیث نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے اشاعت کرنیوالے مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب رح کی خدمت میں پڑھا تھا کمال مسرت و انبساط سے بارک اللہ فی عمرك واٰلك ومالك وجاهلك فرماکر سر و پیشانی کو میرے بوسہ دیا۔ حاضرین جلسہ کو بڑی خوشی ہوئی تھی چنانچہ مکرر فرمایش پر انکی میں نے کئی بار قصیدہ کو پڑھا اور سنایا حضرت اقدس اعلیٰ کی دعا بالمقابل ہزاراں ہزار اشرفیوں کے ہے جو کہ آجتک کسی کو نصیب نہیں ہوئی۔ عزیز ۱۲

(مترجمہ جناب مولوی سید محمد عبد الحفیظ صاحب برادرزادہ حضرت میاں صاحب رح)

ترجمہ مدوّن صحائف[1]

مستخرج از منبع السادات ۱؎ ریاض الانوار ۲؎ گلشن فرخ آباد ۳؎ سلسلۃ النسب رضویہ صمدنیہ ۴؎ تاج التواریخ ۵؎ وعزیز المآثر فی احساء الاخیار الاکابر

دولت جاوید یافت ہر کہ نکونام زیست — کز عقبش ذکر خیر زندہ کند نام را

نامِ عزیز احمد مگر شہرۂ عبد العزیز کے نام سے پائی ہے تاریخی اسماء افضل الفضلا ۱؎ اختر دین ۲؎ مظہر احسان ۳؎ منظور حکمات ۴؎ اختیار احمد ۵؎ بخش خاں

ابن منیع الشان سمو المکان مولٰنا الحکیم السید منظور احمد خاں خلف اصغر مسند الوقت زبدۃ الاطباء مولوی السید علی المتخلص والشہیر بقلندر صمدنی ولد اکبر تاج الفقہاء اکمل الکملاء مولوی السید حسین بن السید نور العلی عطّر اللہ مقابرہم وآطاب ثراہم جنکا سلسلہ نسب بوساطت عضد السلاطین امیر المجاہدین امام الحجہ شیخ الاسلام مولٰنا السید رفیع الملۃ والدین، طیب اللہ رمسہ صف شکن رضہ رفیق سلطان خطاب ہمایوں تیموری کے حضرت رفیع الدرجات منبع البرکات امام ثامن السید علی رضا علیہ السلام سے جا ملتا ہے۔ پیدائش مدوّن :- بمقام چھپرا مئو مضاف فرخ آباد ہوئی تھی جس کے وقائع تاریخ عزیزیہ میں ہیں مسکن اعقاب امام الحجہ رضہ کا صمدن ودیگر مضافات ہند ہے اگرچہ عبد العزیز کا مولد ومنشاء صمدن نہیں ہے مگر موطن ہے۔ تربیت :- یوم ولادت سے کفالت تربیت جناب مستطاب مہمان نواز مسافر پرور قاضی محمد بدر الدین برد اللہ مضجعہ (جد فاسد) کے ذمہ رہی بعدہ خال اعظم قاضی قمر الدین احمد مرحوم کے کنف حمایت وظل عاطفت میں ایام شباب تک بسر کیا کیونکہ مادر مہربان رحمہا اللہ تعالیٰ ایام طفولیت مدوّن میں داخل جنت ہو چکی تھیں۔

تعلیم۔ قرآن مجید ملا ہدایت خاں مغفور چھپرا مئو سے پڑھا۔ بعدہ فارسی کی ابتدائی کتابیں وترجمہ قرآن مجید ورسائل اردو فقہ کے مجاہد فی سبیل اللہ المنان ومہاجر الی دار الامان مولوی حافظ سید ابراہیم علی صاحب مبرور گورکھپوری سے کہ جو بالکل عامل کتاب وسنت وطارح التقلید ورادّ الآرا تھے، مع نحو پڑھا پھر افصح الفصحا مکرمنا میر مظفر علی صاحب رضوی رہ سے فارسی کی کتابیں

---

[1] کسی مشہور شخص کا پورا اور سچا حال لکھنا یا ظاہر کرنا کچھ خوشامد نہیں ہے بلکہ دریافت حقیقت کرنا بہت مناسب ہے جس سے عبرت ہوتی ہے۔ ذیل کی احادیث قابل ملاحظہ ہیں :-
عن یزید بن نعامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اذا آخی الرجل الرجل فلیسألہ عن اسمہ واسم ابیہ وممن ہو فانہ اوصل للمودۃ رواہ الترمذی وفی اخر حدیث عن المقدام بن معدیکرب عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال اذا احب الرجل فلیخبرانہ یحبہ اخرجہ ابوداود والترمذی وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم المرأ علی دین خلیلہ فلینظر احدکم من یخالل رواہ احمد والترمذی وابوداود والبیہقی فی شعب الایمان وقال الترمذی ہذا حدیث حسن غریب وصحح

مناظ زبان دانی پڑھی تھیں ان جلسوں میں ہمدرس وشریک اکتساب علوم مخدومنا ومولانا السید فرخ صاحب رضوی تھے، **صرف** عربی حکیم سید عابد حسین بلگرامی نزیل گنج چھپرا منہ سے پڑھی **نحو** مع فقہ وکلام واصول اور چند اجزا حدیث وتفسیر حضرت عمدۃ الفضلا شمس العلماء منظفر الممالک مولانا السید امیر احمد خاں بہادر نقوی سہسوانی سے حاصل کی نحو کے دوران میں چند اسباق ہدایۃ النحو کے سر آمد اولیا مولانا شاہ فضل رحمٰن صاحب مہرور گنج مرادآبادی سے بطور برکت پڑھے تھے۔ اور تبرک کے طرز پر شرح مسلم الثبوت کے ابتدائی مسائل حضرت قاضی القضاۃ مولانا محمد **بشیر الدین** صاحب قنوجی انجہانی سے پڑھ کر مباحث غامضہ حل کئے پھر مکرر جملہ علوم دانشمندی و دینی وطب وتصوف حضرت سید الفضلاء شمس العلماء مولانا شاہ سید عبد الحق طیب اللہ رمسہ ہنگامی کی خدمت میں حاضر ہو کر حاصل کی بعدہ حجۃ الملکمل لجۃ العلی عروۃ الرجا۔ نور شریعۃ نور طریقۃ ناشر الموحدین مجمع الحسنین امیر المومنین فی الحدیث والتفسیر امام عصر مجدد مائۃ رابع عشر شمس العلماء حضرت مولانا السید محمد نذیر حسین غفر اللہ مرقدہ کے عتبہ عالیہ سے ادب وتفسیر وحدیث وتصوف حاصل کرکے دو مرتبہ بیعت طریقہ وارشاد کی تھی جن کے فیض ودعا سے فیوض دینی وفتوح دنیوی پر کامیابی ہوئی جن کے ایثار الطاف کا احاطہ غیر ممکن اور شکریہ مشکل ہے پھر حضرت عین الانسان ومحمود الاقران مولانا و مخدومنا راس المحدثین ونخبۃ المحققین جناب شیخ **حسین** صاحب خزرجی زبیدی الیمانی المشہور بہ **عرب صاحب** سے سند تفسیر وحدیث بسلسلہ امام شوکانی رح وجناب تاج الفقہاء مولانا سید محمد **اسمٰعیل** رح وحلان مفتی شافعیہ مکہ محمیہ سے سند حدیث وتفسیر بسلسلہ امام دمیاطی رحمہما اللہ سے حاصل کی۔

مشورہ سخن حضرت تاج الادباء رئیس المتفقہین مولانا شمس العلماء مفتی السید محمد عباس صاحب شوستری مجتہد مذہب اثنا عشری سے لیا اور مذہب شیعہ کی بھی کتابیں پڑھی تھیں جن کو زیادہ شرح تحصیل کا استدراک مقصود ہو **عزیز الاستاد** ملاحظہ کرے **اخلاف واعقاب مدوّن**:- ۳ بیٹے اور ایک لڑکی ہے لکھی پڑھی تابع کتاب وسنت۔ زبدۃ المکارم فاضل علوم شرقی ومغربی مخزن فضائل نسبیہ ومحامد حسنیہ **افضل العلماء** مولانا السید محمد الشہیر بمولوی عبد الحمید جاوید ورابع السید حسن المعروف بمولوی عبد الحکیم حافظ کتاب اللہ والسنۃ السید رضا **منظور علی** المدعو بہ آغا عبد الغفار (دام دوامہم) نبیسۃ نہایت مسکین مزاج سعادتمند شجاع ودلیر اہل مصارعت مظفر الدین مولوی سید **مشتاق** احمد سلمہ اللہ الاحد ابن تابع الکتاب والسنۃ طارح التقلید والآراء قامع اسنان اہوا مولانا السید احمد حسین سلمہ ربہ مرضوی ماشاء اللہ (ابنائے احفاد بھی ہیں رضاعت جوتھم دور جاتا ہم) سید عزیز احمد۔ سید منظور احمد۔ آغا عبد الجبار۔ آغا عبد الوہاب

عظمت خاندانی بتوسل حضرت امام الحجۃ وامام رضا علیہ السلام کے حضرۃ سلطان الشہداء وجناب خاتم النبیین صلی اللہ علیہم

سلہ نبیرہ لفظ فارسی ست مگر بتصرف فارسیاں آمدہ لہذا بنابر جمع نبیرہ نبرا استعمال شد ۱۲

تک سب سلسلہ نسب ہے۔ سید امیر ابراہیم سید حامد و امیر حمید و امیر حکیم و سید ہاشم و مولانا السید امیر ابوالفرح عبد الفتاح[1] و خواجہ پیر روشن ضمیر احمد کبیر انار اللہ برہانہم اسی خاندان میں تھے امیر میران معدن خان بہادر[2] بھی بڑے مشہور و مستند علماء و عظماء میں تھے۔ مولانا سید غلام حسین و مولانا السید علی قلندر[3] و مولانا السید منظور احمد خان اسی خاندان میں عالی شان میں سے گزرے ہیں ان اعضاء خاندان نے سلاطین اسلامیہ و دولت برطانیہ کے عہد میں اعزاز و اکرام پائے تھے کہا جاتا ہے کہ بموجب فرمان عالیشان شاہ جہاں صاحبقران ثانی رح کے اس خاندان میں خطاب خانی و افتا و قضا و احتساب وغیرہ وغیرہ مع ضیاع و عقار کے ہے۔ کیونکہ جب شاہ ہمایوں تیموریہ فترات شیر شاہیہ سے مغلوب ہوکر ایران و مشہد مقدس خاکی واپس ہندوستان ہوا تھا تو معیت ہمایونیہ میں حضرت شیخ الاسلام امام الحجہ سید رفیع رح تھے جنہوں نے کفار سے جہاد فرما کے اعلاء کلمۃ الحق و اشاعت قرآن و حدیث فرمایا تھا چونکہ درویش روشن ضمیر تھے سیاحت کرتے رہے صمدن میں کچھ اعقاب رہے اور کچھ دیگر اقطار و اقطاع ہند میں جا بسے۔ دولت برطانیہ نے بلحاظ اعزاز خاندانی و خدمات ذاتی کے سید عبد العزیز کو خطاب خان بہادر و تمغہ طلائی مع فیتہ سرخ دیا اور عالیجناب قیصر فامہ نواز فرزانہ فرلاد مسٹن بہادر دام اقبالہ نے نہایت تپاک و خوشی سے بردربار خود پہنا کر ارشاد کیا تھا کہ مدت تک اس خطاب کو آپ اور آپ کے اخلاف استعمال کریں گے آپ کو اس کی ضرورت نہ تھی مگر میرا فرض تھا کہ آپ کی قابلیت و جامعیت و عزت کی قدردانی کروں اور آپ کا دوست مخلص بنا رہوں دستم اس ارشادہٗ

مشاہیر الاتبار سلف میں اس خاندان کے اعضاء و ارکان صاحب علم و صوفیاء مشہور ہوئے تھے مگر آخر میں حضرت سرآمد سلسلہ شرف النبلا سلالۃ الاصفیاء ختم الاولیاء مولانا السید محمد عبد اللہ محدث صوفی رحمہ اللہ نے بڑی شہرت پائی جن کے اعقاب مولوی عبد الکبیر و سید عبد الغیاث سلمہا اللہ ہیں اور با اولاد ہیں۔

برادران عالیشان۔ کوئی حقیقی نہیں ہیں مگر سب کے سب با اولاد ہیں

مزاوجت مولف حضرت مولانا الاعظم مولوی السید عبد اللہ صاحب کی بنت کبریٰ سے نکاح ہوا تھا۔ رضوی و رضویہ کا قران سعد تھا جسے تمام اولاد مولف کی ہوئی ہے اور بفضلہ تعالیٰ زندہ و کامران ہے

اے بھائیوں[4] ؎

تا صبح قیامت اے خدائے عالم — روشن رہے شمع خاندان منظور

---

[1] امیر سید ابوالفرح رح عبد الفتاح تحریک تدوین و تالیف فتاوے عالمگیریہ تھے ۱۲ [2] امیر میران معدن خان بہادر بڑے باکرامت و حکومت بزرگوار تھے جن کو امیر میران کا خطاب تھا۔ ۱۲ [3] تھا۔ لارڈ مسٹن سدرآف آگرہ [4] اے برادران ۱۲

فہرست تالیفات کی ذرا الہی ہی چند اسما مندرجہ ذیل ہیں

۱ تحفۃ العزیز حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے آل واصحاب کے فضائل بیان کیے گئے ہیں۔

۲ عزیز المحدثین رسالہ ہدیۃ الائمہ کی تخریج ہے۔ تقلید شخصی و اتباع تخصیصی کے حالات بحوالہ کتاب و سنت ہیں۔ اور نام تاریخی جام ارغواں ہے۔

۳ عزیز الاوراد سہام الدعا لدفع البلا کی محدثانہ شرح ہے۔ دربار فیض جس کا تاریخی نام ہے۔ (۱۲۹۴)

۴ حزب العزیز سہام الدعا کا ترجمہ حال متن ہے جس کا تاریخی اسم جواہر المعظم ہے۔

۵ عزیز التواریخ فرخ آباد اور اس کے نواح کے والیان و امراء و علماء و اطباء و فقراء و شعراء و مشاہیر شرفا کی تاریخ ہے جس کا نام گلشن فرخ آباد ہے۔ (۱۲۸۸)

۶ عزیز الفلاسفہ فلسفہ کی کتاب ہمطرز جناب امام غزالی رح کے ہے جوہر خیالات تاریخی نام ہے۔ (۱۲۸۷)

۷ عزیز الاسلام ہمطرز جناب امام ابن قیم و ابن تیمیہ رحمہما اللہ کے ہے تاریخی نام خیالات معقول ہے۔ (۱۲۸۸)

۸ عزیز الفتاوے فتاوے حمیدیہ بھی کہتے ہیں اس میں بہت فتوے ہیں۔ جن میں فتوے تطعیم طاعون و منع استعمال زیور با طفال۔ جواز ملازمت سلطان غیر مسلم و جواز رفع یدین و حرمت ربوا و طاعت سلطان وقت و مقاومت مجہول ذخیرہ وغیرہ کے ہیں۔ نام تاریخی اکسیر اعظم ہے۔ (۱۳۰۲)

عزیز السوانح سوانحعمری سید عبد العزیز صاحب کی کتاب ہے۔ فیوضات جس کا تاریخی نام ہے

عزیز اربعین اربعین شاہ محمد فاخر زائر الہ آبادی رح کا ترجمہ ہے جس میں احادیث فضائل صحابہ رض تحریر ہیں۔ تاریخی نام توشۂ عاقبت

زنبیل گدڑیہ عزیز درویش انتخاب کلام مولف و دیگر اساتذہ و مشاہیر شعراء کا ہے۔ باب افاضت تاریخی نام ہے۔

مقامات عزیزی
مثل مقامات حریری وہندی گے ہے کلام عزیز تاریخی نام ہے
۱۲۹۲

عزیز السنت
منع تقلید میں موجز رسالہ ہے جواز کی بھی صورت دکھائی گئی ہے۔
گلشن فیض تاریخی نام ہے۔
۱۲۹۰

عزیزیات
مثل موضوعات ملا علی قاری ہروی و امام شوکانی رح کے ہے۔

عزیز الاشفاق
کتاب البدر حصہ ۳ میں شامل کیا گیا کہ جو جزء تاریخ عزیزیہ کا ہے

نثر عبد العزیز
نثر فارسی میں بایام طلب علم و عہد حداثت سن نہایت جوش سے لکھا ہے۔
طلسمات بیر زاخور شید معنی یہ تاریخی نام ہیں

عزیز الانشاء
اردو اور فارسی اور عربی میں رقعات ہیں۔ نثر رنگارنگ - روضۂ مکاتیب تاریخی نام ہیں۔

عزیز احمد
نعت کے قصائد بہت آب و تاب کے ساتھ ہیں متاریخ الامم
باغ رسول - ریاض رسول تاریخی نام ہے
۱۲۹۲ ۱۲۹۹

عزیز التفاسیر

ایک نئے طرز کی تفسیر ہے امام مجدد رض نے عزیز البیان نام تجویز فرمایا تھا مؤلف کی تمام تالیفات کی یہی جان ہے مؤلف نے خطبہ میں لکھا ہے ؎

روز قیامت ہر کسے در دست گیرد نامہ
من نیز حاضر میشوم تفسیر قرآں در بغل

آیات احکامی کی بھی عمدہ تشریح کی گئی ہے

عزیز صمدی تو مخزن تفسیر قرآں ہے
نہیں سمجھا کسی نے اسکو جیسا تو نے سمجھا ہے

مثنوی عبد العزیز

(ریاض الانوار محمدیہ)

سنت تمجید الکلام اسکے کئی حصص ہیں - حمید الکلام - ارشاد الرشید - الحفیظ - الجحیم تصرف بر کمی

گئی ہے بڑے بڑے علماء تصوف نے پسند فرمایا ہے خصوص شمس العلماء مولنا سید عبدالحق بنگامیؒ - مولوی سید عابد حسین رح - حضرت امام مجدد رضؒ نے اس جانکاہی و دماغ سوزی کا اعتراف فرمایا ہے تصوف کی کتاب مشہور ہے

عزیز الاخلاق - عزیز الآفاق

یہ دو کتابیں اخلاق میں نہایت پیرایہ دلکش سے تصنیف ہوئی ہیں بڑے بڑے علماء ہند و یورپ نے تقریظ مفید کی ہے اخبارات عربی و انگریزی و ناگری میں بہت کچھ ثنا و صفت لکھی گئی تھی مؤلف کے اساتذہ خصوصاً شمس العلماء مولنا سید عبد الحق بنگامی - و شمس العلماء امام مجدد رضؒ نے نہایت درجہ پسند فرما کے تقریظیں لکھی تھیں

لمعات اخلاق عزیز المصطفیٰ

عربی ادب جاننے والوں کے لئے مختصر رسالہ مگر جامع و مانع و نافع ہے اُدبا ہند و عرب نے پسند کیا ہے -

عزیز الموحدین

توحید میں عمدہ رسالہ ہے بتدعین منکرین سے جواب نہو سکا تھا -

عزیز الایمان

ایمان و مومن کی تعریف ہے جس کو بڑے بڑے صوفیا نے پسند فرمایا تھا -

عزیز التہذیب

عربی میں اخلاق کی عمدہ و موجز کتاب شان عام و خاص ہے -

عزیز السلام

ملقب بہ الحیدر حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام و کرم اللہ وجہ کی لائف بطرز محدثین تحقیق تام ہے -

تاریخ عزیزیہ

(عزیز المآثر انتخاب الاخبار اکابر)

حصہ اوّل **عزیز العلماء** اردو میں حصہ دوم ۲ **المنظور** حصہ سوم ۲ **البدر** جس میں **عزیز الاشفاق** شامل کردیا گیا حصہ چہارم **حمید الفضلاء** عربی زبان میں نہایت شستگی و درستی الفاظ سے ہے بڑے بڑے علماء و فضلاء و کملا و صوفیاء و مشاہیر عرب و عجم کے سوانح و واقعات زندگی تحریر ہیں۔

خطبات العزیز:۔ مولف کے جس قدر وعظ ہیں وہ اس میں بطور خلاصہ نہایت عمدگی سے تحریر کئے ہیں

عزیز الاقتصاد مسائل و مباحث نہایت عمدگی سے بیان کئے گئے ہیں جسکا جواب نہیں ہو سکتا۔

عزیز الاسلوب فی آداب الکتابۃ المکتوب ایک مختصر رسالہ ہے جس سے طرز انشاپردازی بطور کتاب و سنت ہر شخص سیکھ سکتا ہے۔

عزیز الانقیاد جسکا مشہور نام تحقیق الحمید ہے مقاصد جہاد و اطاعت امیر وقت بحوالہ قرآن و حدیث لکھے گئے ہیں۔

سہ حضرۃ سیخنا شیخ الکل فی الکل توفیقنا و برکتنا امیر المومنین فی الحدیث والتفسیر ناشر الوحیین مولنا سید محمد نذیر حسین صاحب رضی امام عصر و مجدد چاردہ صدی ۱۴۰۰ کے وہ صحائف و مکاتیب ہیں جو دربار تجدید سے متمشی و جاری ہوئے ہیں جن کو مولف نے کئی برس کی محنت و تلاش میں بہم پہونچا کے مدوّن دیکھا کئے ہیں اس کتاب کے دیکھنے سے ظاہر ہوگا کہ حضرت شیخ نے بفحوائے کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ، مخاطب و مکتوب الیہ سے خطاب فرمایا ہے یہ کتاب جامع بین الشریعۃ والطریقۃ ہے جس سے ناظر و قاری کی بصیرۃ بڑھتی ہے للہیت کی جانب زیادہ توجہ ہو جانے کے بعد مقام مناسب پر ورود ہوتا ہے یہ معمولی مکتوب نہیں ہیں کہ جنکو رٹ لیا جائے ان میں قرآن و حدیث کا مغز بھرا ہے کوئی ادق مضمون نہیں ہے نہ اغلاق ہے ہاں مصطلحات تصوف ضرور ہیں مگر ان کی تشریح باحسن اسلوب فرمائی گئی ہے عاصی و عالم کو فائدہ یکساں بخشا گیا ہے انشاپردازی عمدہ ہے علاوہ فراق و تقاضا تحریریں بھی اجتناب فرمایا گیا تھا

مواہب الٰہیہ

مدوّن اوراق ہذا اپنے منّان بلا امتنان کا بیحد شکر کرتا ہے کہ اسکو اپنے فضل عمیم سے نعمتیں بخشی ہیں جن کا اکثر تالیف میں ذکر ہے۔

۱ خدا تعالیٰ نے انتساب رضویہ بخشا۔

۲ توفیق خدمت کتاب و سنّت عنایت فرمائی گئی ۳ چیدہ چیدہ بزرگان دین سے فیض تعلیم و تربیت و تلقین وارشاد مرحمت ہوا۔ ۴ بدعات و شرک سے اجتناب بخشا گیا۔ ۵ اولاد صالح ہوئی ۶ زیارت حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً کی۔ ۷ از بلاء و مصائب پر صبر کرنا اور بحالت امکان دشمنوں سے انتقام نہ لینا چشم پوشی رہنا۔

هُوَ الرَّؤُف

مکتوبات نذیریہ

شیخ الکل علامہ حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی

اس ناچیز کی عرصہ سے تمنا تھی کہ جس طرح مکاتیب سید المرسلین رحمۃ للعالمین حضور پرنور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و دیگر حضرات امام المحدثین حضرت مولانا شاہ عبد الحق صاحب محدث دہلوی رح و حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رح و شیخ مجدد الف ثانی رح و حضرات صوفیائے کرام و محدثین عظام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین طبع ہو کر حضرات شائقین کے ملاحظہ انور میں پیش ہو چکے ہیں۔ اسی طرح شمس العلماء شیخ المحدثین حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رح جنہوں نے صدہا علماء و طلباء کو اپنے علمی فیوض و برکات سے منور فرما کر مورخہ ۱۳ رجب المرجب سنہ ۱۳۲۰ھ بعمر ایک سو دس سال وصال فرمایا۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وَارْحَمْہُ ایک ایسے محدث کے مکتوبات جمع کر کے کیوں نہ حضرات عقیدتمندان غفران مکان رح کے ملاحظہ اشرف میں مطبوعہ پیش کئے جائیں۔

اس کے قبل فقیر نے مختصر سوانح حیات حضرت میانصاحب رح "بشریٰ العالم بوفاۃ محدث العالم" باہتمام حضرت مولانا عبد اللہ صاحب چیراوی محدث کلکتہ طبع فرمائی تھی۔ جو اب موجودہ زمانہ میں نایاب ہے۔ اور "الحیات بعد الممات" مفصل حالات مع فہرست شاگردان رح جناب مولوی فضل حسین صاحب مظفر پور صوبہ بہار نے بامداد جناب حضرت مولانا ابو الطیب شمس الحق صاحب رئیس و محدث رح ڈیانواں ضلع پٹنہ باہتمام جناب مولانا سید محمد عبد العزیز صاحب رضوی محدث صمدنی رح طبع ہو چکی ہے اور فتاوے نذیریہ جلد اول و دوم جناب مولوی حافظ سید محمد عبد السلام صاحب و جناب مولوی سید محمد ابو الحسن صاحب قرۃ العین نبیرہ حضرت میانصاحب رح طبع فرما چکے ہیں۔

مکتوبات نذیریہ کی فراہمی کیلئے فقیر نے عرصہ دراز سے جد و جہد سعی و کوشش کر رہا تھا الحمد للہ میری کوشش بارآور ہوئی چنانچہ ڈاکٹر سید محمد عبد الحکیم صاحب مرحوم و مغفور برادرزادہ حضرت میانصاحب رح نے بکثرت مکتوبات نذیریہ مورخہ ۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۸ع کو اپنے وطن مالوف موضع مولانگر ڈاکخانہ سورجگڈھہ ضلع مونگیر سے ارسال فرمائے تھے۔ اور اب جناب سید محمد عبد الحمید صاحب رضوی سپرنٹنڈنٹ رجسٹرار چیف کورٹ لکھنؤ خلف رشید جناب خان بہادر مولانا سید محمد عبد العزیز صاحب رضوی محدث صمدنی رح ضلع فرخ آباد نے اپنے والد محترم رح کے دست مبارک کے خوشخط مکتوبات نذیریہ کی بہت بڑی تعداد مرتب شدہ بذریعہ رجسٹری مورخہ

۱۴ ستمبر ۱۹۳۷ء بغرض طباعت ارسال فرما کر مشکور فرمایا جس کو فقیر نے عرصہ ۴ سال کی سعی و کوشش کے بعد حاصل کئے ہیں۔ اور کچھ ذخیرہ مکتوبات نذیریہ کا فقیر کے پاس پہلے سے بھی موجود تھا۔ یہ جملہ مکتوبات طبع کرا کر اس فقیر نے اپنے محترم و مخدوم بزرگ کی علمی فیاضی کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے معزز حضرات شائقین کے لئے اپنی ناچیز خدمات۔ مکتوبات نذیریہ مطبوعہ پیش نذر کر کے دعا کا طالب ہے

تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۝

نوٹ:۔ فقیر اپنے ان مخلص معزز حضرات کا کیوں نہ دل سے شکریہ ادا کرے۔ کہ جنہوں نے مجھ ناچیز کی مالی دشواری و حضرت میاں صاحبؒ کی علمی فیاضی کو پیش نظر فرما کر اپنے اپنے گراں قدر عطیہ سے مکاتیب نذیریہؒ کی طباعت و اشاعت میں سرپرستی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ اُن حضرات کو تا قیامت باقیاتُ صالحاتٌ کا ثواب ملتا رہے۔

اسمائے گرامی معطیان

۱ جناب بابو شیخ عبد الوہاب صاحب مہتمم دار الحدیث مدرسہ رحمانیہ — تمار
۲ " شیخ محمد احمد صاحب خلف جناب شیخ حاجی عبد الرحمن صاحب مرحوم و مغفور بانی دار الحدیث رحمانیہ دہلی — عنت
۳ " ایس ایم عبد الغفار صاحب خلف رشید حاجی فضل الٰہی مرحوم مغفور — سنت
۴ " ڈاکٹر قریشی رامپور شفاخانہ سرکار عالی — عنہ
۵ " جناب مولانا قطب الدین عبد الوالی صاحب فرنگی محل لکھنؤ — صہ
۶ " جناب مولوی الطاف الرحمن صاحب قدوائی " " " — صہ
۷ " جناب ضیاء الدین احمد خان صاحب وظیفہ یافتہ سرکار نظام دریا گنج دہلی — صہ
۸ جناب مولوی عبد الحق صاحب بی۔ اے معتمد انجمن ترقی اردو — صہ
۹ " سید محمد ہاشمی صاحب مددگار معتمد انجمن ترقی اردو — صہ
۱۰ " مولوی ہدایت علی صاحب علوی وظیفہ یاب لودھیانوی والد محترم مولوی محمود علی صاحب علوی مہتمم نظام ہیلس نیو دہلی — صہ
۱۱ " شیخ محمد تقی صاحب رئیس انارکلی لاہور — صہ
۱۲ " مولوی سید اسمٰعیل صاحب غزنوی مدیر اخبار "خادم الحرمین" امرتسر — عنہ
۱۳ " عالیجناب سید بشیر حسین صاحب زیدی چیف منسٹر رامپور — تمار
۱۴ " خان بہادر آنریبل جناب سر عبد القادر صاحب ممبر کونسل جناب وائسرائے بہادر ہند باالقابہ کنگ ایڈورڈ روڈ کوٹھی ۲ نئی دہلی — صہ

هُوَ الرَّؤُف

دہلی دار السلطنت ہی نہیں بلکہ دار العلوم کہلانیکا بھی فخر حاصل ہے جس جگہ علاوہ ہندوستان و دیگر ممالک کے طلبا بھی صدہا فیضیاب ہوتے رہے اور مستفیض ہو رہے ہیں۔ اور مدارس دینیات بھی بکثرت ہیں لیکن کوئی ایسا کتب خانہ عامہ موجود نہ تھا جس میں طلبأ و علمأ بلا تفریق عقائد یکجا جمع ہو کر اپنی اپنی معلومات میں اضافہ فرماتے۔ چنانچہ احقر نے اپنے محترم بزرگ شمس العلماء شیخ الکل حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (جن کی تاریخ وصال ۱۳ رجب المرجب سنہ ۱۳۲۰ھ بعمر ایکسو دس سال) شاگرد رشید حضرت مولانا مولوی شاہ محمد اسحاق صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مہاجر حرمین شریفین نبیسہ حضرت مولانا مولوی شاہ عبد العزیز صاحب قدس سرہٗ العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی سے موسوم کرتے ہوئے کتب خانہ نذیریہ عامہ کی بنیاد ڈالی جس کی افتتاح بسم ۲۶ ستمبر ۱۹۱۶ء میں ادا کی گئی۔ بحمد اللہ اس وقت کتب خانہ نذیریہ عامہ میں ساڑھے دس ہزار مختلف کتب موجود ہیں جو حضرات علمأ و طلبأ اس بحر علم سے فیضیاب ہو رہے ہیں اور ساتھ ہی اس کے دار المطالعہ نذیریہ عامہ میں بکثرت روزانہ ہر قوم و ملت اخبارات و رسائل سے مستفیض ہو رہے ہیں اور حضرات شائقین کا بہت بڑا ہجوم رہتا ہے۔ حضرات ممبران میونسپل کمیٹی اور وہ حضرات معاونین جو ہر طرح اپنی اپنی امداد علمی و مالی سے ایثار و قربانی ایک محدث کی درسگاہ علمی کو اپنی سرپرستی سے مشکور فرما رہے ہیں وہ معززین حضرات قابل صد مبارکباد ہیں اور فقیر بھی اُن کے احسانات کا ممنون ہے اور ہمیشہ ہمیشہ ممنون احسان رہیگا اللہ تعالیٰ انکی عمر و مال و دولت و علم و اخلاص میں روز افزوں ترقی عطا فرمائے۔ اور تا قیام اجر دارین اُن کو ملتا رہے۔ آمین۔

اراکین مجلس انتظامیہ کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں

جناب شیخ حاجی عبد الخالق صاحب ممبر طبیہ کالج و سابق میونسپل کمشنر پھاٹک حبش خان دہلی صدر مجلس منتظمہ کمیٹی کتب خانہ نذیریہ عامہ

جناب شیخ فضل مبین صاحب ممبر انجمن کمیٹی قوم پنجابیان و رکن مجلس منتظمہ کمیٹی کتب خانہ نذیریہ عامہ دہلی

جناب حاجی شیخ عطاء الرحمن صاحب خلف خان بہادر حاجی محمد یوسف پانی والے۔ رکن منتظمہ کمیٹی دار المطالعہ نذیریہ عامہ دہلی

جناب شیخ محمد عبد السلام صاحب بی۔ اے۔ میونسپل کمشنر و سکریٹری مسلم لیگ و سکریٹری قوم پنجابیان ہائی اسکول نمائندہ کتب خانہ نذیریہ عامہ منجانب میونسپل کمیٹی دہلی جناب فصیح الدین احمد صاحب حقی ایم اے سکریٹری آنریری ہارڈنگ لائبریری و رکن منتظمہ کتب خانہ نذیریہ عامہ دہلی۔

جناب سید محمد جعفری صاحب سابق مدیر اخبار ملت دہلی۔

جناب سید محمد ضیاء الاسلام صاحب خلف جناب مولوی سید محمد عبد السلام صاحب بنیر المعروف حضرت میاں صاحب غفران مکانؒ پھاٹک حبش خان دہلی

جناب سیٹھ لالہ ہنومان پرشاد صاحب میونسپل کمشنر دہلی نمائندہ کتب خانہ نذیریہ عامہ و منجانب میونسپل کمیٹی دہلی

جناب مولوی ہلال احمد صاحب زبیری بی اے میونسپل کمشنر دہلی مدیر اخبار انصاری۔ منجانب میونسپل کمیٹی دہلی

…سپل کمشنر دہلی۔ منجانب میونسپل کمیٹی دہلی۔